إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ

کتاب لاجواب پسندیدہ شیخ و شاب مغازی الرسول حالات سرور مقبول مطبوع طبایع زمانہ

۱۲

شہنشاہ نامہ

۱۲

من تصنیفات سرآمد سخنوران عالی منزلت امیر کبیر نواب میان یار محمد خان صاحب بہادر متخلص شوکت

مطبع حسنی رامپور مطبوع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع فسانہ ہی فصاحت شیم
ثنای خداوند لوح و قلم

کیا جسنی پیدا جہان سربسر
[illegible] مہر و نجم و قمر

ہر اک شی مین قدرت ہے اوسکی عیان
ثنا مین ہے قاصر زبان جہان

وہ یکتا ہی اور اوسکا یکتا حبیب
دو عالم کی دولت ہی اوسکی نصیب

نہی رتبہ سرور کاینات
شفیع خلایق جمیل الصفات

وہ بیشک ہے محبوب پروردگار
نہین مثل اوسکی کوئی نامدار

نبی اور خاتم انبیا | بہین بندۂ حضرت کبریا
ہزاران تحیت بر آل کرام | کہ پایا ہی عالم نی اونسی نظام
اور اصحاب امجاد والا گہر | ابوبکر و عثمان علی و عمر
ہے رتبہ عیان اونکا آفاق مین | ہو جسطرح انوار احداق مین
زبان سخنور ہے عاجز یہان | سکوت و خموشی ہی اسجا بیان

سبب نظم شہنشاہ نامہ

سپیدہ دمان شوکت خاکسار | طلبگار افضال پروردگار
بہمراہ احباب مثل صبا | فرح بخش ہین شاد و خندان گیا
بہار چمن کا کرون کیا بیان | مرقع تہا قدرت کا یکسر عیان
وفور فرح کا سماں تہا عجب | ہوا شاد دل سبکا با صد طرب

ہر ایک شخص پڑھنے لگا شعر چند بآیین شائستہ و دل پسند

پس انگاہ شہ نامہ خوانی ہوی نمایان ورفتش کمیابی ہوی

کہا سبنے مجھسی کہ ای قدردان لکھو تم بھی ایک نظم مین داستان

کہ ہو صاف صاف اور اردو زبان بطرز پسندیدہ شاعران

کیا عرض مینے بہت خوب ہے مجھی حکم احباب محبوب ہے

بفضل خداوند رب مجیب لکھون ایک قصہ عجیب و غریب

کہ ہون شاد سنکر کی پیر و جوان خصوصاً بہادر جو ہین فی زمان

جو آیا مکان مین بہنگام شب کیا فکر مینی بصد غور تب

کہ کس داستان کو لکھون ای خدا کرون کونسی شاہ کی مین ثنا

اسی فکر مین نیند طاری ہوی عنایات و امداد باری ہوی

یہ دیکھا کہ ایک باغ ہی دلکشا ہر ایک تختہ اوسکا ہی راحت فزا

روان ہر طرف نہر آب زلال — شگفتہ ریاحین بحد کمال

ہر ایک سمت کرنے لگا سیر باغ — غم جاودانی سی تہا مجکو فراغ

قریب آیا ایک شخص عالی دماغ — کف دست مین اوسکی زرین ایاغ

مخاطب ہوا مجہسی بعد از سلام — بطور پسندیدۂ خاص و عام

کہ ای مرد ذی عقل شیرین کلام — ہے خیر القصص حرب خیر الانام

رقم کر تو احوال جنگ رسول — کہ تا ہو سخن تیرا ابتک قبول

یہ سنکر میری چشم وا ہوگئی — بس اسباب کی دلمین جا ہوگئی

اوٹہا بید رنگ اور لیکر قلم — بسان دبیران معجز رقم

لگا کرنے انشا مین یہ مثنوی — بوجہ وجیہہ و بطرز نوی

شہنشاہ نامہ ہی نام کتاب — ہر ایک داستان ہیگی باآب و تاب

کہ سنتی ہی ہو محو اب لاکلام — ہوس شاہنامہ کی دلسی مدام

دعا ہی یہ شوکت کی ہر صبح و شام | کہ ہو مثنوی جلد یا رب تمام
پسند طبائع ہو میرا کلام | رہی حشر تک یاد میرا ہی نام

ذکر پیدائش سرور کائنات بیان برخی از معجزات

نوا سنج اخبار خیر الوری | رقم ساز آثار بدر الدجی
تولد کا حضرت کے احوال اب | بتحقیق لکھتا ہی با صد ادب
کہ وہ فخر آدم شفیع انام | سماء نبوت کا بدر تمام
محمد رسول خدائی کریم | کہ ہی خلق مین اوسکی خلق عظیم
زمانہ مین کسری کی پیدا ہوئی | زمین و زمان اونپہ شیدا ہوئی
تھی نہصد سی افزون پنجاہ ہشت سال | سکندر کو بیتک تھی انتقال
اور عیسیٰ کو دنیا سی سوی فلک | ہوئی پانچ سو آٹھ تھی جبتلک

ہوئی جبکہ پیدا نبی کریم — جہان مین ہوئی خرمی عظیم

نہوئی سے بارش کے امی و فنون — عرب مین گرانی تھی ازحد فزون

ہوا قحط معدوم از فضل رب — ہوئی سبز شاداب اشجار سب

بہم تہنیت گو ہوئی کُل ملک — ہوا بند شیطان پہ باب فلک

یہ کسریٰ کی ایوان مین لرزہ ہوا — کہ چودہ گری کنگرہ بیخطا

سراسر ہوا شق وہ عالی محل — پڑا ملک ایران مین یکسر خلل

بجھی دفعتہً آگ زردشت پیر — تعجب مین تھی سب صغیر و کبیر

وہ دریاچہ ساوہ ہوا ناپدید — ہوئی شاد عابد پریشان پلید

سماوہ کہ وادی مین دریا ہوا — کہ سابق کبھو وان سے پانی نتھا

سلاطین آفاق گردون مکان — رہی یک شب و روز بے زبان

صنم ہائے کعبہ ہوئے سرنگون — شیاطین دنیا ہوئی کُل زبون

کہانت کا سب علم باطل ہوا
ہر ایک کاہن او سد نسی عاطل ہوا

ہزارون ہوی معجزہ اس طرح
کیا مینی اسجا بیان جسطرح

اوسی سال مین باسپاہ گران
ہوا ابرہ سوی کعبہ روان

کیا عزم کعبہ کا جب انہدام
ہوا قہر نازل وہین لا کلام

ابابیل سجیل سے لیکے سنگ
ہزارون نمایان ہوے بیدرنگ

تمامی سپاہ اور فیلان مست
ہوی قتل یکدست پای شکست

لکھون جزو و کل گر بشرح تمام
ہو بار شتر مثنوی لاکلام

جناب نبیؐ سے غرض ہر زمان
نمایان تھی آثار مجد نشان

ذکر نبوت حضرت ختم المرسلین و شفیع المذنبین

جو گذری چہل سال عمر شریف
بتشریف یزدان ہوی ہم ردیف

وحی لیکے نازل ہوئی جبرئیل
بحکم خدای عظیم و جلیل

کئے عرض پہلے درود و سلام
پڑہا بعد اوسکی خدا کا کلام

نبوت کا حضرت کو مژدہ سنا
کہا آپ ہین خاتم الانبیا

نبوت ہوئی جسکہ شہ پر تمام
ہدایت پہ باندہی کمر صبح و شام

ہوئی دشمن جان گروہ قریش
مکدر کیا شہ پہ سامان عیش

ہوئی متفق سروران عرب
کئی شہ سی اعجاز نادر طلب

ہوئی معجزی شہ سی ایسی عیان
کہ حیران ہوئی دیکہہ پیر و جوان

بہت شخص ایمان لائی بدل
ہوئی لطف ایزد سی وہ مشتمل

شقی جو سیہ دل تہی ازرا کین
وہ اعجاز کو سحر سمجہی یقین

لکہون معجزونکا اگر ماجرا
ہنی خشک خامہ ہو اغلب ہرا

ظلال غمامہ کلام غزال
اصابع سے اجرای آب زلال

کلام صبی اور شق القمر — درود و سجود حجار و شجر
عروج سما و نزول کتاب — حنین جذع از فراق جناب
ہزارون مین اعجاز شاہ عرب — ولیکن سنو حال معراج اب

ذکر معراج

مئی ناب وحدت پلا ساقیا — کہ کثرت مین وحدت ہو جلوہ نما
لکھون تا کہ معراج شاہ عرب — بطرز پسندیدہ با صد طرب
زبس مجھکو مرغوب ہے اختصار — زمانہ مین ہون مین خلاصہ نگار
کہ تا شوق سی خاص و عام جہان — کرین مثنوی یاد سب بیگمان
نبی کی نبوت کی جب دس برس — ہوئی ختم از فضل فریادرس
شب بست و ہفتم ز ماہ رجب — فرود آئی جبریل با صد ادب

کہا ای نبی بشیر و نذیر ۔۔۔ چلو حسب حکم خدای قدیر

زمین سی چلو سوی چرخ برین ۔۔۔ حضور خداوند دیان دین

براق سبک رو پہ یسین سوار ۔۔۔ ہوی باکمال شکوہ و وقار

بیک آن از عون رب الہ ۔۔۔ فرود آی بیت المقدس مین شاہ

بفرمان عالی رب انام ۔۔۔ روان رسولان پیشین تمام

برای ملاقات حاضر ہوی ۔۔۔ جمال مبارک کی ناظر ہوی

اور او سجا پڑہی باجماعت نماز ۔۔۔ امامت سی حضرت ہوی سرفراز

پس از طاعت کردگار جہان ۔۔۔ جناب محمد شہ انس و جان

ہوی عازم رفتن آسمان ۔۔۔ بصد شان و شوکت بصد عز و شان

چپ و راست خیلی ملایک تمام ۔۔۔ پس و پیش پیغمبران کرام

جو پہونچی باقصای سدرہ جناب ۔۔۔ کہا جبریل امین سے شتاب

کہ ای سرورِ جن و انس و ملک
رسائی تہی بندیکی بس یہان تلک

اگر یک سرِ مو تجاوز کرون
یہان سی تو ہو جای حالت زبون

بس اب آپ ہون یہانسی تنہا روان
بذات مقدس سوی لامکان

روانہ ہوی بیشتر بعد ازان
سوی عرش اعظم رسول زمان

تہا جب براق ازنگ و تاز تیز
نمایان ہوا رفرف گرم خیز

روانہ ہوی ہو کے اوسپر سوار
حبیب خداوند لیل و نہار

ہوی جب بہت قطع راہ دراز
ہوا تب تو رفرف بہی طاقت گداز

ہوا مضطر خاطر برای رسول
زہی رتبہ و شان اب بتول

شتابان ہوی مثل پیک نظر
گئی عرش و کرسی سی بہی بیشتر

مقام تہ قاب قوسین کا
ہویدا ہوا راز کونین کا

ہوی جبکہ مشمول لطف و کرم
بشادی پہرے وہانسی سوی حرم

کیا سیر ما فی السما کا تمام — جو داخل ہوئی پھر بجائی قیام
تو دیکھا کہ ہی گرم فرش و لحاف — ہی جنبش مین زنجیر دروازہ صاف
ہوا حال معراج یکسر تمام — بہ ایجاز کلی پئے خاص و عام
مفصل یہہ ہی داستان بس طویل — بہت ہیگا احوال با قال و قیل
خلاصہ نگاری ہی از بس پسند — ہوا ختم یہہ حال در شعر چند

ذکر ہجرت از مکہ معظمہ بمدینہ منورہ

نبوت کی گذری جو تیرہ برس — پیمبر کو کعبہ مین ای خوش نفس
ہوئی چند صد مرد پیر و جوان — بہ انوار ایمان روشن روان
ولیکن سران و یلان عرب — ہوئی در پئے قتل محبوب رب
فرود آئی جبریل عالی مقام — پیام خدا لیکے با صد سلام

کہی حکم ایزد دیہ ای نامور — مدینہ کو ہجرت کرو جلد تر
یہی امر ہے اب قرینِ صلاح — اسی مین ہے منظورِ باری فلاح
سنا جب نبیؐ نے یہ حکمِ خدا — تو عزمِ مدینہ اوسی دم کیا
ربیع نخستین کی تھی بارہوین — کہ ہنگامِ شب شافعِ مذنبین
علی کو سلا بسترِ خاص پر — ہوئے گام فرسائے راہِ سفر
پیادہ ہوئے اس جہت سے روان — کہ تا کافرون پر ہووے عیان
نکل کر کے مکہ سے باہر نفور — ہوئے منزوی آپ در غارِ ثور
ابو بکر صدیق تھے یارِ غار — سوا اونکی اوسجا نہ تھا غمگسار
فمِ غار پر عنکبوتون نے آ — دیا جال جالی کا اپنی بچھا
کہ رو غار کا صاف پنہان ہوا — شجر اُمِّ غیلانکا اوسپر اوگا
کبوتر نے بیضہ دیا آن کر — بنا آشیانہ بزیرِ شجر

اوسی شب کو مکہ کی سب خاص و عام | با ساماں شبخون ہوے تیز گام
نبی کی مکان مین جو آئی پلان | تو پایا نہ حضرت کا نام نشان
علی ولی سی ہوی ہمکلام علیہ السلام | کہ احمد کہان ہین بتا ای ہمام
کہا آپ نے ای گروہ قریش | نہین مجہکو معلوم کہا و نہ طیش
کہا سب نے اکثر میان جبال | پی طاعت حضرت ذو الجلال
نبی کا ہی مسکن صباح و مسا | تجسس کرو چلکی وان بہی فرا
پہری کوہ و صحرا مین سب جابجا | ولیکن ملا کچہہ نہ اصلا پتا
بصد رنج آئی گہرون کو تمام | خجالت سے چہری ہوی زرد فام
بیان کرتی ہین راویان صحیح | بلفظ ملیح و زبان فصیح
کہ ایک سانپ رہتا تہا اوس غار مین | ہو جس طرح سی آب تلوار مین
نبی کی زیارت کا مشتاق تہا | سیہ مست و فربہ بہت چاق تہا

ہوئی رونق افروز جب مصطفی ۔۔۔ سحر کو وہان پر بحکم خدا
رکھا زانوئی پاک صدیق پر ۔۔۔ پئی خواب راحت پیمبر نے سر
شب تار مین پا کی سوراخ مار ۔۔۔ کیا بند صدیق نے ایک بار
بہ انگشت پاسی کیا بل کو بند ۔۔۔ زہی جرات و ہمت ارجمند
کہ تا سانپ بل سی نہ آوی نکل ۔۔۔ نہ پڑجاوی راحت مین نبی کی خلل
ہوا مار آگہ بحکم خدا ۔۔۔ کہ آرام کرتی ہین یہان مصطفی
بشوق زیارت شتابان ہوا ۔۔۔ دہن بند پا کر کی پیچان ہوا
ڈسا پائی صدیق اوس سانپ نی ۔۔۔ لگا جسم صدیق تب کانپنی
ولیکن اوٹھایا نہ اوس جاسی پا ۔۔۔ نکل آئی آنسو یہ صدمہ ہوا
گری اشک رخسار سرور پہ جب ۔۔۔ اوٹھی خواب سی آپ گھبرا کی تب
ہوئی حال پرسان بلطف تمام ۔۔۔ سنا حال و فرمایا ای نیک نام

وہ میری زیارت کا مشتاق تھا　　اوسی بندش و بہت شاق تھا

کف پا اوٹھا وہاں سی شتاب　　کہ تا آرزو سے ہو وہ کامیاب

سنا جبکہ صدیق نی یہ خطاب　　لیا کھینچ پا کو وہاں سی شتاب

رسول خدا نے لعاب دہن　　بحکم خدا قادر ذوالمنن

لگایا جو اسپر ہوئے تندرست　　توانا و صحت قرین چاق و چست

زیارت سی جنت ہوا بہرہ ور　　زہی قدرت حضرت دادگر

رہی تین دن تک نبی الہدا　　اوسی غار مین حسب امر خدا

بروز چہارم ہوئی گام زن　　بسوئی مدینہ بوجہ حسن

منازل کو طی کرکے شاہ شہان　　مدینہ مین داخل ہوئی شادمان

صحابہ و انصار حاضر ہوئی　　ورود ہمایون کی شاکر ہوئی

جوانان اوس اور خزرج تمام　　ہوئی آکے حاضر برائی سلام

اور ایمان لائی بقلب سلیم — نبوت په احمدکی بخوف وبیم
مدینه مین ساکن هوی مصطفیٰ — هوا عالم افروز نور هدی

غزوہ اول معروف بغزوه بدر واقعه سال دوم هجرت

وقائع نویسان شیرین بیان — سخندان سخن سنج و شیوا زبان
غزاهای نخستین کو بی اختلاف — کتابونمین لکهتی هین یون صاف صاف
که سفیان تها ایک مرد صاحب دول — قوی بازو و سخت دل در جدل
رئیس کلان رکن شهر جلیل — عرب کے امیرونمین مرد جلیل
بدل لات و عزا هبل کا غلام — پرستش مین مصروف هر صبح و شام
گیا شام کو لیکی مال کثیر — پئی بیع یک سال همراه امیر
پهر آیا جب وهانسی بجاه و حشم — کها همدمونسی که هیگا ستم

محمد مدینہ میں ہے برقرار ترقی پہ ہے دین پروردگار
مٹی بت پرستی جہان ہی غضب رہ و رسم تازہ ہوا ہی عجب
سوا اسکی اب میں یہ ماجرا سنا ہی یہ یارو سنو تم ذرا
کہ ہین عازم احمد بسامان جنگ پئے غارت قافلہ بی درنگ
کہا ہمدموں سے یہ کہ ای نامدار نکر فکر اسبات کی زینہار
ترے پاس ہے ملک و فوج و درم قبائل بہت ہینگی زیر علم
محمد کے ہی پاس کیا ای ہمام کہ ہوا سقدر فکر ہر صبح و شام
طلب کرکے افواج نصرت اثر کرو جنگ یکبار اب بے خطر
یقین ہے کہ بس پاہو فوج رسول تمنائے دل ہووے یکسر حصول
پسند آیا یہ قول سفیان کو کہا مرحبا ہے صلاح نکو
طلب کر بسرعت سپاہ عرب ہوا عازم حرب وہ بے ادب

نبی کو خبردار کی وحی جبر — کہ آتا ہی سفیان با کر و فر

ہزار اوسکی ہین ساتھہ جنگی یلان — شجاعان مکی قریشی جوان

ابو جہل و عباس ابطال وقت — بہت پہلوان رستم و زال وقت

بطل شجاع جمع اس ابطال

ہین ہمراہ با عسکر بحر جوش — زرہ پوش و قوس کیانی بدوش

دیا شاہ نی حکم سنکر یہ حال — کہ حاضر ہون انصار فخر خصال

بیک طرفۃ العین از حکم رب — ہوی جمع انصار و اصحاب سب

کہا شاہ نی حال سفیان تمام — دیا پہر وغا کی لیتے حکم عام

کہ ہو جلد طیار اے مومنین — مقابل ہوا زمرۂ کافرین

بروز دگر شاہ زرین لوا — ہوا جلوہ گر جب باوج سما

ہوی فوج فوج آکی حاضر سپاہ — رکاب سعادت مین بی اشتباہ

وہ تہی تین سو تیرہ غازی جوان — بانوار ایمان روشن روان

سفر کر کے سلطان دنیا و دین　　ہوی بدر مین جا کی منزل گزین

سپہدار سفیان بفوج گران　　مقابل ہوا مثل پیل دمان

بہم ہر دو لشکر ہوی جنگ جو　　مثال ہژبران پرخاش خو

علیؑ اور حمزہؓ بسان اسد　　ہوی حملہ آور بر اہل حسد

شجاعان کفار بہی مثل شیر　　بسان نریمان و سام دلیر

مقابل تہی از رہ جہل بسیط　　زگردان سلطان فارقلیط

سوار دلاور تہا عتبہ بنام　　بہیکل چو شیر ژیان کنام

سرافراز بزم دلیران دہر　　اوٹہا باگ گہوڑیکی با زجر و قہر

ہوا آکی حمزہ سی گرم نبرد　　رخ مہر تابان ہوا لاجورد

بہت دیر تک نیزہ بازی ہوے　　دو جانب سی بس ترک تازی ہوے

کہنچی بعد ازان تیغ آئینہ رنگ　　ہوا شور بر پا ترنگا ترنگ

فارقلیط و فارقلیط و فارقلیطس انجیل مین نام آنحضرت کا ہی

ہنر تیغ رانی کے ظاہر ہوئے | دو جنگی دلاور نہ قاصر ہوئے
زمین سے فلک تک غمام غبار | عیان لمعۂ تیغ تھی برق وار
کہ ناگاہ حمزہ کی تیغ اصیل | پڑی خود پر مثل قہر جلیل
کٹا سر بسر خود فولاد سے | اوتر سر سے آئی میان کمر
دو پرکالہ عتبہ ہوا سرنگون | روان جسم ناپاک سے موج خون
مظفر ہوئے حمزہ با تیغ تیز | ہوا قلب اعدا مین گرم ستیز
ولید دلاور ہوئے پیل زور | سمجھتا تھا پیل وہان کو وہ مور
نکل صف سے میدان مین با طیش و جوش | بہل من مبارز ہوا پر خروش
علی قریشی مقابل ہوئے | بیک ضرب کافر کی قاتل ہوئے
جوان حسین شبیہ شیر تن | جناب علی سے ہوا تیغ زن
غضنفر نے نعرہ کیا ایک بار | ہوا سہمگین وہ دلاور سوار

پڑی سر پر اوسکی جو تیغ دو سر — دو حصہ ہوا سر بسر جسم و سر
گرا اسپ سے شیبہ کفر کیش — مقابل ہوا زمعہ از روی طیش
ملا خاک مین وہ بھی بے قال و قیل — ہوا لعین سفیان بہت کچھہ ذلیل
وہ تینون ہوے جب روان فی السقر — مقابل ہوا حنظلہ آن کر
گیا وہ بھی دوزخ مین مثل سہ تن — ہوا تیغ زن نوفل صف شکن
بیک ضرب تیغ امام امم — روانہ ہوا وہ بھی سوی عدم
اسیطرح چھبیس نامی سوار — کہ ہر ایک تھا جرات مین اسفندیار
ہوئی قتل از دست شیر خدا — زہی راکب دوش خیر الوری
سپہ پاس سفیان کی تھی بیحساب — دلیر و مبارز توانا و شاب
دیا حکم اوسنے کہ یکدفعہ سب — کرین حملہ بر فوج شاہ عرب
ہوئی چار سو سے عیان دار و گیر — قیامت فگن تھے صدائی نفیر

زمین و زمان تھا قیامت نشان | ہوا غلبہ کفر ہر سو عیان

نبی نے جو دیکھا یہ حال سقیم | ہوئی ملتجی پیش رب کریم

کہ ای داور دو جہان از کرم | مدد کر تو از راہ لطف اتم

کہ تا پرچم کفر ہو سرنگون | پریشان ہون کفار و گردان دون

دعای پیمبر ہوی مستجاب | ہوا کافرون پر خدا کا عتاب

سرافیل و میکال و روح الامین | بحکم جہاندار جان آفرین

لئے ساتھ اپنے دلاسہ ہزار | ملائک براسپان ابلق سوار

ہوئی شامل فوج خیر الوریٰ | سر مو نہین فرق اسمین ذرا

جو تائید غیبی ہوتی ایک بار | دگرگون ہوئی حالت کارزار

صف لشکر کفر برہم ہوئی | عجب جنگ اوس آن درہم ہوئی

دم کشتگان سی زمین لالہ فام | تن مردگان کا تھا یہ ازدہام

کہ پوشیدہ روئی زمین ہو گئی | اجل گشت اجساد کو ہو گئی
ابو جہل سردار قوم قریش | بہت اور نامی سواران جیش
تباہ و پراگندہ و خوار و زار | جہان سے گئی سوئی بئس القرار
بہت شخص زندہ ہوئی دستگیر | ازانجملہ عباسؓ گردون سریر
بقیہ رہی جو پیادہ سوار | ہوئی کام فرسائی راہ فرار
ہوئی شادمان ختم پیغمبران | بجا لائی صد شکر خلاق جہان
سپہدار عباسؓ عم جناب | ہوئی نور ایمان سے کامیاب
بفرط بشاشت بعون خدا | مدینہ مین داخل ہوئی مصطفی
سراسیمہ سفیان سفینہ زمن | بچشم گہربار و خاطر حزن
بسرعت گیا سوئی بیت العتیق | تف غیض سے جان سراسر حریق
قسم کھائی کعبہ مین با چشم نم | پکڑ کر ہر ایک بت کا اوسنی قدم

کہ امسال دیگر جمع کر کر سپاہ — کروں جنگ مین از رسالت پناہ

بہت مرتبہ ہو گیا میرا پست — تلون جبتلک مین قصاص شکست

نہین چین مجھکو نہ آرام و خواب — نہی پر نہوں جبتلک فتح یاب

ہوا بدر کی جنگ کا انفصال — سنو اب اُحد کی لڑائی کا حال

غزوہ دوم معروف بجنگ اُحد وبیان شہادت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ وشکستہ شدن دندان مبارک وفتح حضرت ظل سبحانی برابوسفیان

نگارندہ نقش ہائی نگار — طرازندہ حرف بہزاد کار

یون لکھتا ہی یہ کارنامہ عجیب — کہ ایکروز حضرت حبیب مجیب

با یوان دولت تہی رونق فروز — چو مہر درخشندہ در نیم روز

دو زانو حضور نبی سر بسر | مثال کواکب بصد کر و فر

بفرخنده حالی و عیش و نشاط | قرین مسرت بصد انبساط

گروه صحابه و انصاریان | نشسته تهی باشوکت و فر و شان

بناگاه مخبر نے دی یه خبر | که آتا هی سفیان باکر و فر

سواران شایسته کارزار | لیے هاتهه مین رمح جوشن گذار

عنان در عنان و سنان بر سنان | بسوی مدینه هین پیچان عنان

زسرتا بپا غرق آهن یلان | هو آئینه مین جیسی جوهر عیان

شتابان هین مکه سی مانند باد | بصد غصه و کینه چون قوم عاد

نبی کا هوا حکم او سدم صدور | که ای نامداران صاحب شعور

کرو جلد تدبیر سامان جنگ | نه هرگز کرو تم ذرا اب درنگ

یه آئی خبر پهر بروز دگر | که سفیان نے با فوج پرخاش خر

کیا آگی کوہ اُحد پر نزول
ہوئی سنکر عازم جناب رسول

رکاب سعادت مین کل سہ ہزار
روان تہی جوانان ایمان وار

برابر عدو کے ہوئی خیمہ زن
نبیؐ الورا شاہ لشکر شکن

دم صبح جب مہر رخشان ہوا
ہر ایک ذرہ لعل بدخشان ہوا

خلیل خدا حضرت مصطفے
ہوئی زینت افروز دشت وغا

دیا میمنہ شہ نے عکاسہ کو
کہ تہا وہ دلیر وجوان رزم جو

ابو مسلمہ کو دیا میسرہ
کیا بند کوہ اُحد کا درہ

ہوا حافظ درہ ابن جُبیر
گریزان ہوئی وہان سی سب وحش وطیر

سرافراز مقداد اسود بنام
ہوئی جانب پشت جیش ہمام

رسول خدا قلب مین باشکوہ
ہوا رشک ایمن وہ میدان کوہ

علیؓ اور حمزہؓ دو جنگی اسد
ہوئی روبروی گروہ حسد

ادہر فوج کو لیکے جد یزید — صف آرا ہوا چون جدار حدید

سوی میمنہ خالد کینہ ور — طرف میسرہ عکرمہ نامور

شریفان مکی بسالت نشان — ہوی جابجا مورچہ بند وہان

جو دیکھی نبی نے سپاہ قریش — کہا وا اتی بر عز و جاہ قریش

کھڑی ہینگی ابطال آل لوای — فزون تر بشوکت زکاؤس کے

ہر ایک شیر صورت ہر ایک نامجو — ہر ایک برق پیکر ہر ایک شعلہ خو

ہر ایک نامدار و ہر ایک یکہ تاز — ہر ایک کامگار و ہر ایک سرفراز

ہر ایک مرد میدان فرامرز شان — ہر ایک تیغ زن مرد نامی جوان

ہر ایک رستم وقت و مانند سام — جگر گوشہ کعبہ کی ہین یہ تمام

دریغا دریغا کہ یہ سب جوان — دو ساعت مین ہوینگی کل مردگان

ہوا شور نقارہ و بوق و کوس — ہوا گرد سی ہو گئی آبنوس

بہادر ہوی مستعد بہر جنگ
کوئی سرخ چہرہ کوئی زرد رنگ

سپہدار حمزہ شجاع زمان
سر سروران جہان پہلوان

ہژبر ژیان عم خیر البشر
خداوند شمشیر و گرز و سپر

سوار سرافراز و لشکر شکن
یل نامور گرد شمشیر زن

ہوی جس سالہ پہ حملہ کنان
تن نامداران تہی بے سر وجان

ہوی جسطرف جا کی نعرہ زنان
فراری ہوی ہانسی پیر و جوان

پہ سفیان نے دیکہا تو حیران ہوا
لڑائی سے اوسدم پشیمان ہوا

کہا پہلوانوں سی با صد غضب
کرو قتل حمزہ کو سب ملکی اب

لوا لیکے ایک مشرک عثمان بنام
کہ تہا پور طلحہ کا وہ لا کلام

پی جنگ میدان مین آیا نکل
کہ آئی تہی اوسوقت اوسکی اجل

مقابل ہوا مثل شیر دلیر
کہ تہا جان سی اپنی وہ ناشاد سیر

جہان پہلوان حمزۂ نامور — مقابل ہوا مثل ضرغام نر
اور ایک تیغ ماری جو بالای خود — گلو تک عدو تک وہ آئی فرود
گلو سی جو اوتری تو بالای زین — گذر زین سی پہر ہوئی بر زمین
نہان مثل بجلی ہوئی ایکبار — دو حصہ ہوا وہ ستور و سوار
لوا وار افواج بطحا دیار — غضبناک طلحہ چو دریای قار
نکل صف سے ہمراہ خویشان و یار — ہوا طالب مردم کارزار
امیر عرب شاہ دلدل سوار — ہوئی ہم مصاف اوسکی با صد وقار
شیاطین ہوی گرد پیش علی — لگی حملہ کرنے بصد پردلی
ہوا اسپ ضیغم مثال شرر — تکاپو لگا کرنے مثل نظر
گئی ہات خالی جو اعدا کی سب — دلیرونکا زہرہ ہوا آب تب
کیا شہ نی نعرہ کہ ای قوم بد — شقاوت شعاران اہل حسد

خبردار ہوا ب کہ قہر خدا / فرود آیا تمپر ہے واحسرتا
چلی تیغ شہ بر سر کافران / تن مشرکین سے نکل بہاگی جان
سرانجام از دست میر انام / ہوا طلحہ باجمع یاران تمام
جو دیکہا یہ احوال سیف قتال / سراسیمہ کفار خسران مآل
گریزان ہوئے وحشت ہے جاسی سب / سپاہ نبی بہی بلا فکر تب
پی غارت مال سفیان و فوج / ہوئی جوش زن جیسی دریا کی موج
لگی لوٹنی اسپ و شمشیر و مال / فروش و لباس و گران مایہ شال
درے کی محافظ جو تہی پہلوان / دلیر و کمان دار و نامی جوان
بطمع حصول زر و سیم و اسپ / خروشان ہوئے مثل آذر گشسپ
مقیم در حرمت و فضل و خیر / خردمند و نام آور ابن جبیر
زبان سے بہت اونکا مانع ہوا / ولیکن کسی نے نہ کہنا سنا

وراکوہ کا چھوڑ جنگلی پلنگ
ہوئی غارت مال مین تیز چنگ

رہ بستہ یکسر کشادہ ہوئی
پی کافران صاف جادہ ہوئی

سپہ ال فراری جو تھی بدحواس
ہوئی جمع اوسجا بلا خوف و یاس

کیا حملہ یکبار با صد مراد
گری اہل ملت پہ مثل جراد

چکا چاک تیغ اور رہا ہوی جنگ
صدا اقتلوا اقتلو پے ورنگ

ہوئی فوج اعدا سی ایسی بلند
کہ حیران ہوئی زور مندار جمند

تمامی سپاہ رسول خدا
ہوئی مضطرب ہان سی سیماب پا

دوان کرکے رہوار بار دگر
قزل ارسلان حمزۂ نامور

ہوئی اسقدر رزم جو بیدرنگ
کہ گلگون ہوا خون سی میدان جنگ

زن بیحیا ایک ہندہ بنام
کہ ہیگا جہنم مین اوسکا مقام

یہ سفیان کے لشکر سی اوسنی کہا
کہ اے نامداران جنگ آزما

گری اس جوان کو کوئی سرنگون | کہ لشکر کو یکسر کیا ہی زبون
تو بخشون اوسی نعمت بیکران | جہان مین وہ پہر ہوا میر جہان
غلام سیہ رو تہا وحشی بنام | قبول اوسنی اوسکا کیا یہ پیام
ہوا در پی فکر وہ نابکار | عقب مین جو انکی دوان بیقرار
کہڑے تہی جہان پر نبی الہدا | لعینون نی پہینکا جو سنگ جفا
دہن پر لگا ایک سنگ گران | کہ دندان ہوئی چار ساقط وہان
ہوا شور برپا میان سپاہ | الم سی ہوا روز روشن سیاہ
کیا غل یہ ابلیس نی ناگہان | کہ ای جنگ جویان نام آوران
جناب محمد شفیع امم | ہوئی زینت افزا ملک عدم
یہ سنکر ہوا ایک تلاطم بپا | نمودار اوسدم تہا قہر خدا
بچا انکہ وحشی نی بے درد و غم | لگائی جو حمزہ پہ تیغ ستم

جہان سی گئی سوئی دار البقا
ہوئی مورد بخشش کبریا

جگر حمزہ نامور کا نکال
وہین کہا گئی ہندہ بد سگال

پریشان ہوئی یاوران نبی
وفور الم تہا بجان نبی

ابو بکر سردار دیرینہ سر
سر افراز اصحاب بطحا عمر

ہوئی تیغ زن مثل روئین تن
پہاڑو مین بہاگی وہ صف شکن

گئی دور تک دیکہی گمرہان
کمال تہور سی نعرہ زنان

ہوئی دور حضرت سی اصحاب جب
قریب آئی اوس لحظہ کفار تب

سوائی علی پیشگاہ نبی
نہ تہا دوسرا مرد میدان کوئی

پہ سفیان نی لشکر سی اوسدم کہا
کہ اے مردمان نبرد آزما

ہین صدیق و خطاب اسوقت دور
نہ انصار سی ہی کوئی ذی شعور

بجز حیدر صفدر پر ہنر
نہین ہی نبی پاس کوئی بشر

مناسب ہے حملہ کرو ایکبار | کرو قتل اونکو مثال غبار
ہوئی پر تہور یلان قریش | پڑا ایک تلاطم میان قریش
بجا کوس جنگی فرنگی دہل | چھپا مہر انور بہ برج حمل
زمین سر بسر ہوگئی پر غبار | رخ روز روشن ہوا لیل تار
ہشام دلاور نہنگ وغا | بہت اوسکی ہمراہ جنگ آزما
تمامی زرہ پوش مانند گیو | توانا و زور آزما مثل دیو
ہوئی حملہ آور جو ایک دفعہ سب | مقابل ہوئی اونسی کرار تب
حسام درخشان بفرق ہشام | چلی مثل بجلی ز دست امام
گرا خاک پر اسپ سی پہلوان | فراری ہوئی اوسکی ہمراہیان
امیر جحیم عمر شمشیر زن | ہوا ہم ترازو ی اب حسن
بیک ضرب صمصام لیث خدا | ہوا کشتہ کافر بدشت وغا

ولے تیغ حیدر شکستہ ہوے | بہت خاطر شاہ خستہ ہوے
کمر مین جو بیبر کے تہی ذوالفقار | عطا کی اوسے دم بفخر کبار
رخِ شاہِ مردان ہوا لالہ رنگ | ہوا آکے خالد قرین بہر جنگ
اور ہمراہ اوسکی بلاف و گزاف | یلان جری آلِ عبد مناف
دو جانب کہنچی تیغ آتش فشان | ہوے اسپ مانند برق دمان
پڑی خود خالد پہ تیغ دودم | کٹا خود و سر اوسکا سب یکقلم
گذر سر سے مانند پیک نظر | پڑی زین پر کاٹ صدر و کمر
تراشا جو زین کو تو اسپ کپیل | ہوا بر کش تیغ سی بس قتیل
رہے اور باقی جو اعداے دین | گئے بادیہ کو وہ کل مشرکین
رئیس بنی عامر و بشر اسم | دلیر و قوی پنجہ و دیو جسم
علے سی ہوے آکے گرم مصاف | یل بیخرد سر گروہ خلاف

بیک ضربت ذوالفقار امام | ہوا مست صہبای تلخ حمام
کنانہ جوان مرد و شیر ضرغم | سوار سمند سبک رو قدم
ز سرتا بپا زیر برگستوان | پلارک مین جیسی ہو جوہر عیان
کمان رشک قوس قزح رنگ رنگ | جو دیکھی تو قوس فلک ہووی تنگ
بہرے تیر ترکش مین مانند تیر | شہاب فلک پیش اوسکی حقیر
حمائل در افشان حسام مین | عیان اوسمین جیسی ہر چین جبین
خطای سنان رشک نخل بلند | دہری زین پر ایک پیچان کمند
کف دست مین گرزہ گاو سر | غضب سے ہر ایک سمت ترچہی نظر
عقب مین سواران نیزہ گذار | قشنہ سے باندہی ہوئی ایک قطار
ہوا حملہ ور بر جناب اسیر | نہ تنہا فقط بلکہ جم غفیر
لگی چلنی گرز و سنان تیر و تیغ | صدای قضا تھی دریغا دریغ

قضائی خدا تھی دم ذوالفقار — عجب کافرون سی ہوئی کارزار

کسینی چلائی اگر بڑہ کی تیغ — کلائی اوڑا دی وہین بیدریغ

کسینی کیا گرز کو گر بلند — دبا کر اوسی وقت جولان سمند

کیا ہاتہہ شانہ سی اوسکی جدا — اور اعجاز سے گرز کو غل بنا

دیا اوسکی گردن مین جلدی پہنا — کیا قید ہستی سے اوسکو رہا

اگر بڑہ کے مارا کسینی تبر — روانہ کیا اوسکو سوئے سقر

کنانہ مقابل ہوا از علے — کیا نعرہ اوسنی بصد پردلی

بیک ضرب شمشیر الماس رنگ — دو حصہ کنانہ ہوا بیدرنگ

زمین مثل شنجرف از جوش خون — غلط بلکہ گلنار سی بہی فزون

ہوئی حملہ شاہ سی بلیقین — گریزان ہوئی مشرکین لعین

ظفر مند حضرت ہوئے بے سخن — شریران مکہ ہوئے پر حزن

گریزان ہوی مثل روبہ ز شیر | بخوف تف تیغ شاہ دلیر
خلیل خدا رحمت العالمین | نبی الورا خاتم المرسلین
بجا لای حمد خدای قدیر | ہوا چہرہ روشن چو مہر منیر
روانہ ہوی پہر مدینہ کو شہ | مثال خرام مہ چاردہ

بیان جنگ سوم غزوہ بنی مصطلق

ہوا جو ترقی پہ دین رسول | جہان نے کیا دین احمدؐ قبول
ز راہ جہالت بفرط غرور | حماقت شعاران ز فرہنگ دور
پی جنگ حضرت ہوی متفق | جوانان قوم بنی مصطلق
ہوا حاکم فوج حارث بنام | جناب نبی بہی پی انتقام
نکلکر مدینہ سے بہر غزا | ہوی جادہ پیما بحکم خدا

ملا راہ مین ایک جاسوس پیر — کمان قامت و تیز رو مثل تیر
وفور فراست سی کرکے غلو — پکڑ شیخ ثانی نے اوس فرد کو
کیا خوب احوال اعدا کو گوش — ہوئی پہر غضب سے بہت پر خروش
کیا عرض اسلام اوس مرد پیر — ولیکن ہوا جب نہ کچھہ بہی اثر
ہوا لال چہرہ ز فرط غضب — علم کرکے شمشیر بران کو تب
کیا دست و پابستہ ملعون کو — کہ تا صدر کفار محزون ہوا
پس آنگہ کیا ذبح چون گوسفند — زہی دانش صاحب ارجمند
اگر زندہ جاسوس جاتا نکل — تو تدبیر صاحب مین پرتا خلل
وہ جاکر خبر دیتا کفار کو — کہ آتی نبیؐ تم خبردار ہو
خبر پاکی کفار بد روزگار — بہ تدبیر کرتے وہ سب کارزار
خبر جب نہ پہونچی تو غافل رہے — لڑائی کی ہرگز نہ قابل رہے

روانہ ہوئی والنسی پہر بیشتر — شہنشاہ لولاک باکر و فر

جہان جمع تہی کافران لئیم — وہین جاکی پہونچی رسول کریم

یکایک جو اعدا ہوئی باخبر — اوہی وقت لیکر کے تیغ و سپر

ہوئی روبرو باکمال شغب — یلان زمان جاہلان عرب

سپاہ نبی بہی ہوئے حملہ ور — بہ تیغ و سنان و بہ تیر و تبر

دو ساعت رہی جنگ مردانہ وار — ہر ایک سمت آوازہ گیر و دار

ہوئی آخرش پست پا کفر کیش — ہر ایک نی کیا لاجرم نوش نیش

گریزان ہوئی وفتنا مثل باد — مری جو بچی جاکی از قوم عاد

فراوان زر و مال و جنس و حشم — بہت اسپ و ہتہیار و محکم خیم

ہوا لوٹ مین مومنونکو حصول — ہوئی دلمین ہر ایک کے شادی حلول

ہوئی شوکتا جنگ یہ بہی تمام — لکہو جنگ خندق کو اب بانظام

غزوہ چہارم جنگ خندق جسکو جنگ احزاب بھی کہتی ہین

سنو ایعزیزان روشن روان ‏ خردمند و ذی علم و جادو بیان
جو دو بار مغلوب سفیان ہوا ‏ بہت دل مین اپنی پشیمان ہوا
شب و روز رہتا تہا اندیشہ مند ‏ کمال تفکر سی خاطر نژند
ہوا ایکدن سوی کعبہ روان ‏ پی طوف اصنام بی حس و جان
ملے راہ مین اوسکو چندین یہود ‏ پریشان تر از قوم عاد و ثمود
یہود انکو اوسدم جو سفیان ملا ‏ لگے کرنے فریاد سب برملا
کہ ای نامدار دیار عرب ‏ بڑا جور ہمپر ہوا ہے غضب
محمدؐ نے ہمکو کہا بار بار ‏ کہ ای بت پرستان عصیان شعار
نہین بت پرستی مین کچھ نفع و سود ‏ پرستش کے لائق ہے رب ودود

کیا ترک ہمنی نہ طور قدیم — رہی بت پرستی مین ہم مستقیم

نہ اصلا کیا پند کو جب قبول — بلا دفعتًا ہوی ہمپر نزول

نکالا نبی نے بزورِ تمام — گہروں سی ہمین زجر کرکی تمام

ترے پاس آئی ہین بہر مدد — کہ تا دور ہو چشم سی یہ رمد

یہہ ود ون سی سفیان نی اوسدم کہا — کہ مین بہی ہون دل تنگ صبح و مسا

کرو صبر اندک کہ تدبیر ہو — بفکر رسا ملک تسخیر ہو

قبایل ہون گر جمع یکسر تمام — تو حاصل ہو پہر فتح بہی لاکلام

یہہ کہکر وہان سی روانہ ہوا — پی جنگ اوسکو بہانہ ہوا

گیا اپنی ایوان مین اندیشہ ساز — ہر ایک دم تہا در فکر دور دراز

سمجہہ کر کی کچہہ دلمین بی خوف و بیم — فراہم کیا ایک لشکر عظیم

بہت گرد نامی ہر مرز بوم — یلان عرب جنگی اکثر تہی قوم

اسد اور غطفان قریظہ قریش　　نظیر و کنانہ بصد قہر و طیش

سوا انکی نامی قبائل دگر　　سرافرازہ دوران پدر بر پدر

ہوئی آکی سفیان کی سب ہمرکاب　　بعزم وغا از رسالت مآب

مدینہ کو لشکر روانہ ہوا　　خبردار اسی زمانہ ہوا

بگرد مدینہ ز حکم خدا　　پیمبر نی بھی کندہ خندق کیا

ہوئی مستعد اہل دین بہر جنگ　　مخالف کی افواج بھی بیدرنگ

دلیری سی آکر محاصر ہوئی　　خوشی سی بہت دلمین نہادر ہوئی

رہی اسطرح چند دن تک جو جنگ　　دو جانب ہوا فوج کا حال تنگ

عمر عبد ودلی ز روی غضب　　کہا جا کی سفیان سی ہنگام شب

نہین ہے یہ جا لایق نقل وہی　　یہ اسدرجہ غفلت تجھی خیر ہے

دم صبح کر جنگ کا انتظام　　صف آرا ہو میدان مین با احتشام

کہ تا مصطفی کو ہزیمت ملے ‏ بہت لوٹ مین پہر غنیمت ملے
کرون حرب مین اسقدر جستجو ‏ کہ تا حشر باقی رہی آبرو
کہا اوسکو سفیان نے ای نامجو ‏ فرامرز دوران ہے لاریب تو
ذرا بیٹہہ پی اب مے لعل فام ‏ کہ ہی صبحکو جنگ اب لاکلام
ہوا مشتری جب فلک پر عیان ‏ گئی عرش تک تب صدائی اذان
نبی و صحابہ بصدق و صفا ‏ نماز خدا مین ہوئے جبہ سا
اودہر کافران جہالت منش ‏ یلان عرب مردم بدروش
مسلح ہوئی باشکوہ تمام ‏ بجا کوس جنگی چو صور قیام
سنی جب نبی نے صدائے دہل ‏ سراپردہ سے جلد آئی نکل
صحابہ و انصار پاکیزہ دین ‏ ہوئی آکے حاضر نبی کی قرین
عمر عبدود کافر نامدار ‏ بصد غصہ مانند اسفندیار

دبا کر کی گہوڑے کو مثل شرار
بیک جست خندق پھلانگکر کی پار

رجزخوان ہوا باصدائے بلند
بہر سمت دوڑا کی اسپ سمند

پکارا کہ ای خاص و عام عرب
تعلی نمایان بنام و نسب

دلاور ہون مین مرد جنگی سوار
جسی حوصلہ ہو کری کارزار

صحابی نے ایک عرض کی از رسول
کہ ای شاہ کونین اب بتول

یہ ہی شخص پر زور رستم توان
ہزبر فگن تیغ زن پہلوان

حکایت یہ مشہور ہے بے گمان
کہ یہ آفت دہر پیل دمان

روان تہا ہمراہ سوداگران
بسوی دمشق ای شہ انس و جان

سواران خونریز غارت گران
جری و جوان مرد آہن دلان

گری قافلہ پر جو ترکان بلخ
لگا لٹنی سامان ہوا عیش تلخ

عجم عبد ودخاب شیرین مین تہا
ہوا غل تو گہبراکی اوسدم اوٹہا

نہ تہا اوس گہڑی پاس آلات جنگ
کمر کہول سوتا تہا جنگی پلنگ

اوٹہا بی خطر اور ہوا نعرہ زن
بندہی تہی وہان پر شتر از رسن

پکڑ چار پای شتر از دو کف
وفور غضب سی ہین پر زکف

مقابل ہوا مثل دیو سفید
ہوی چور ترسندہ و نا امید

شتر ہای سنگین کو مانند سنگ
لگا پہینکنی پہلوان بیدرنگ

ہوی فوج قزاق یکسر زبون
گریزان ہوی با دل پر زخون

مسافر ہوی امین از قوم کین
کہا سب نی جن ہی یہ انسان نہین

جو ایسا ہو پرزور ای شاہ دین
تو پہر کون ہو جنگ مین اب قرین

دلیر و بہادر ہی پر زور ہی
شجاعت کا اسکی بڑا شور ہی

نہین ہمسر اسکی کوی پہلوان
یہ ہی فخر رستم بزور و توان

سنا جب پیمبرؐ نے یکسر یہ حال
صحابہؓ سی اوسدم کیا یہ مقال

اگر تم سی کوئی کری اس سی جنگ
تو جنت ملی اجر مین بیدرنگ

یقین ہے کہ یاور ہو اوسکا خدا
ظفر یاب ہو وہ برین اژدہا

علی نے پذیرا کیا یہ کلام
پیادہ سپے جنگ لیکہ حسام

مقابل ہوئی صفدر صف شکن
سنامداران یل شیر تن

عمر عبدود نی کہا ای جوان
پیادہ جو آیا ہی تو اب یہان

مگر کیا تجہی صلح منظور ہے
تو بہتر نہین صلح ہی دور ہے

پدر تیرا ابو طالب نامدار
بڑا میرا مشفق تہا لیل و نہار

مجہی بہی ہی پہلی سی ایک اتحاد
تو اب بہی نہین تجہ سی جنگ و فساد

علی نی کہا ای سوار پلید
مسلمان ہوا ہمین ہی تیری خیر

باین عقل و جرات باین فر و شان
عجب ہے تری ذات سی ایجوان

بتون کو سمجہتا ہی مثل خدا
نہین ہے یہ نزد خرد یہ روا

پرستش کے لائق ہے رب کریم
سمیع و بصیر و علیم و حکیم

ہدایت سے شہ کی ہوا پر خروش
کیا بات کو شہ کی اصلا نہ گوش

علم کرکے تیغ سر افشان بزور
مقابل ہوا آکی بانہ زور و شور

ہٹو اور پہ ہی کے لگی چلنی ہاتہ
بچا دست و پا کو بصد پیچ و گہات

پیا پی تہا حملہ کنان بے ادب
چلی ہاتہ سی اوسکی ہفتاد ضرب

امیر عرب نی بہی حملہ کیا
پڑی فرق کافر پہ تیغ خدا

سر از تن جدا ہو گیا ایک بار
ملا خاک مین مرد جنگی سوار

ہوئی صوت تکبیر شہ کی بلند
صدا اسی ہوئے کافر اندیشہ مند

روان کرکے اسپان طایر مثال
ہوئی مصدر فعل حرب و قتال

شجاعان اسلام بہی از عقب
ہوئی قاتل مشرکین ملکے سب

شکستہ سر و پا گسستہ لجام
پراگندہ احوال و خستہ تمام

گریزاں ہوئے دفعتاً کافرین ‌ ‌ زہی جرأت مسلمین آفرین
ہر ایک قوم با کدخدای حشم ‌ ‌ بصد یاس و اندوہ با چشم نم
گئے اپنے شہروں کو لاچار ہو ‌ ‌ رفاقت سے سفیان کی بیزار ہو
ابو حنظلہ بھی بسوی حرم ‌ ‌ گیا بار غم سے کئے پشت خم
مظفر ہوئے سرور کائنات ‌ ‌ بفضل خداوند کائنات
ہوئی ختم احزاب کی داستان ‌ ‌ اب آگے ہے خیبر کا سارا بیان

داستان جنگ خیبر

جناب نبی شہسوار براق ‌ ‌ رسول خدا زیب نیلی رواق
بصد کامرانی و فر ایک روز ‌ ‌ خوشی سے تھے مسجد میں جلوہ فروز
صحابہ و انصار عالی تبار ‌ ‌ حضور فرستادۂ کردگار

ادب سی دو زانو نشستہ تہی سب ‏ زبانون پہ جاری تہی تسبیح رب

کہ ناگاہ وحی خدائی جلیل ‏ ہوئی لیکی نازل وہین جبرئیل

نبی نی سنا جبکہ حکم خدا ‏ سپاس خدا پہر وہین کی ادا

مخاطب ہوئی پہر رسول انام ‏ بسوئی صحابہ بصد ابتسام

کہا سوئی خیبر بعزم غزا ‏ سفر ہیگا بی شک بحکم خدا

سفر کا کرو جاکی سامان درست ‏ پی جنگ باندہو کمر تند چست

گہرونکو روان ہوگئی سب بیدرنگ ‏ مہیا لگی کرنی سامان جنگ

ہوا جب ستارہ سحر کا نمود ‏ تو ہر ایک نکل گہر سی پہر زود زود

در شاہ پر آکی حاضر ہوئی ‏ نہ خدمت سی اصلا وہ قاصر ہوئی

نبی نی پڑہی صبح کی پہر نماز ‏ نمایان ہوا سب پہ راز و نیاز

ہوا مہر تابان کا رخ آشکار ‏ سنہری ہوئی سب زمین یکبار

بزیر قدم ہای فوج خدا | تمامی کا تہا فرش گویا بچہا

روانہ ہوئی سرور محترم | مدینہ سی با فوج و طبل و علم

روان ہوکی منزل بمنزل شتاب | ہوئی ارض خیبر مین وارد جناب

نہ مخفی رہی تمپہ ای سامعین | عرب کا ہی ایک پرگنہ بالیقین

کہ خیبر ہی نام اوسکا بی قیل و قال | بہت ہیگا زرخیز و نامی محال

وہان یکقلم تہی بعز و علا | یہودی رئیس اور فرمان روا

اور اوسجا تہی قلعی بہی نامی کئی | قلعدار اونکی گرامی کئی

ہوئی جب جناب امین خدا | مشرف بخشش خیبر بفوج و لوا

یہودی ہوئی جابجا قلعہ بند | مگر آپ ہر جا ہوئی فتح مند

لئی چہین سب قلعی بزور حسام | یہودی ہوئی خستہ یکسر تمام

قموص ایک قلعہ تہا نامی وہان | ہوئی جمع اوسجا یہودی سران

رسولِ مؤید بعونِ خدا　　نبی الورا سرورِ انبیا

درِ دژ پہ پہونچے بصد کرّ و فر　　بفضلِ الٰہی قرینِ ظفر

عجب شان کا حصن آیا نظر　　کہ مشکل تہا وہان طایرِ نگہ کا گذر

فصیل و بروج اوسکی پختہ تمام　　عمارات عالی فلک احتشام

بہت پہلوان کینہ جو شعلہ خو　　خزانان تہی پرخوف جان سو بسو

عریض ایک خندق تہا گردِ حصار　　پر از آبِ مواج جیحون وار

درِ قلعہ تہا آہنی سر بسر　　جسی دیکھ حیران ہون آہن جگر

جو دیکھا نبی نے یہ حصنِ متین　　فرود آئی بیباک اوسکی قرین

ہوی خیبریون کو ناگہہ خبر　　درِ قلعہ کو جلد سی بند کر

مہیا لڑائی کا سامان کیا　　بہت فوج کو مال و زر بہی دیا

فلک پر جو خورشید تابان ہوا　　قیامت کا عالم نمایان ہوا

صف آرا ہوئی فوج خیر الانام / بصد شوکت و جرأت و احتشام

سپہدار مرحب امیر یہود / خداوند خیبر سپاہ و جنود

مقابل ہوا آ کے باخشم و کین / اوڑی گرد تا بام چرخ برین

صدائے دہل نالۂ نائے کوس / غریو یلان یہود و مجوس

گئی تا بگوش مہ و آفتاب / ہوئی تشنگی سے بہت دل کباب

جوانان اسلام و ایمان پرست / کہ تھے عشق خالق مین سرشار مست

بہر دم تھے نعرہ زنان مثل شیر / دلیری مین کرتے نہ تھے کچھ وہ دیر

بہت سے ہوئے کشتۂ وقت ستیز / کسو نے نہ لی لیک راہ گریز

کئی روز یون ہی رہے دار و گیر / جوانون کا پہلو تھا اور نوک تیر

بہت فوج اسلام خستہ ہوئے / لڑائی سے بس دل شکستہ ہوئے

صحابہ سے شہ نے کیا یہ خطاب / کہ اے نامداران با جاہ و آب

ایک ایسی جوان گو کہ کرار ہی — وہ کرار ہرگز نہ فرار ہی
حوالہ کرونگا مین اپنا لوا — بحکم خدا کل براے وغا
کہ ہوگا ظفریاب وہ پہلوان — بہ امداد خلاق ہر دو جہان
ہوا صبح کو مہر جب آشکار — صدائی دہل سی ہوئی جان فگار
جناب محمد رسول خدا — بہر دو سرا رحمت کبریا
سراپردہ سی سوی میدان جنگ — ہوئی رونق افروز بہر بید رنگ
سپاہ مخالف بھی وہان بخطر — صف آرا ہوئی لیکی تیغ و سپر
صدا کوس کی تا بہ چرخ اثیر — غلط بلکہ تا گوش کیوان و تیر
بھری اس قدر جا کی با صد خروش — کہ حیران رہا دیکھ ادراک و ہوش
سر نامداران صاحب جگر — جہان پہلوان حارث نامور
غضبناک مانند شیر ژیان — تہور کے بیشہ کا پیل دمان

زرہ اوچار آئینہ زیب تن | اور ایک ہاتھہ مین گرز خارا شکن

زسر تا بپا بحر آہن مین غرق | دہری تاج زرین ببالائی فرق

دلیرانہ بالائی اوہسم سوار | جلو ریز آیا پی کارزار

علمہای زرکار سرخ و سفید | کہلی جابجا مثل تابندہ شید (آفتاب)

کہا شہ نی سلمہ سی اوسدم شتاب | کہ جا جلد نزد اخی بوتراب

اونہین جاکی تو لا ہماری حضور | نکرنا ذرا دیر اے باشعور

فرستادہ وہانسی شتابان ہوا | بشارت دہ شاہ مردان ہوا

کہا جاکی پ چلئے حضور نبی | اوٹھی بس اوسیدم جناب علی

ہوئی آکی حاضر بہ پیش رسول | ولی آنکہہ کی دردسی دل ملول

جو دیکہا نبی نی یہ آنکہونکا حال | تو از راہ اعجاز بی قیل و قال

زبان مبارک کو مانند میل | بحکم خداوند رب جلیل

پھر آیا جو آنکھوں میں یکبارگی ہوئی فتح سب چشم کی ماندگی
دیا حکم شہ نے کہ ای شہ سوار پئے جنگ کفار بد روزگار
شتابی رواں ہو کے ہو کینہ خواہ سراسر تو کرنا خراب و تباہ
خدا نے یہ فتح عظیم و بلند لکھی ہے ترے نام ای ارجمند
ہوئے شہ سے رخصت جناب امیر کہ تا ہوں مقابل ز فوج شریر
مسلح ہوئے با فراوان طرب سواری کو دلدل کیا پھر طلب
ہوئے زیب افزای پشت سمند علی ولی سرور ہوش مند
عنان تگاور کو جولاں کیا حسام دو دم کو درخشاں کیا
دلیری سے آکر حضور عدو امام زمانہ یل نام جو
رجز خواں ہوئے با جلال کمال زبان درافشاں سے تھا یہ مقال
کہ ای قوم بدکیش آشفتہ سر سر نامداران خارا جگر

کرو دین خیر الوریٰ کو قبول　　کہ تا مدعائی دلی ہو حصول
وگرنہ سر و تن پہ تیغ دو سر　　چلی گی بیک بار اب بیخطر
سقر ہے مقر عدوئی رسول　　جہالت کو چھوڑو تم ای بو الفضول
میری تیغ ہی قہر پروردگار　　قیامت ہو وقت نبرد آشکار
کرون تیغ مین ہاتھ کو گر بلند　　کمند بلا ہووی گردن مین بند
رہائی نہین جز اطاعت تمہین　　کہان جنگ کی ہیگی طاقت تمہین
ہوا پر غضب سنکی حارث یہ قول　　عنان نگاور کو ہاتھو مین تول
اوٹھا گرز ہ گاو سر بیخطر　　مقابل ہوا آکی جون شیر نر
زبان سی سخنہائی لاف و غرور　　بہت کرکے ظاہر دل بی شعور
روان ضرب گرز گران کی وہین　　کہ صدمی سے لرزہ مین آئی زمین
ولیکن نہ کچہ جب ہوی کارگر　　ہوا شرمندہ و منفعل خیرہ سر

علم کر کے شمشیر الماس فام　　ہوا گرم پیکار وجویائی نام
بہم ضرب پر ضرب تھی بیدرنگ　　اوڑی گرد تا چرخ فیروزہ رنگ
سپہدار حارث نی بازور شور　　بہت جب کیا پست کرنیکا طور
یداللہ نے تیغ دو سر کو اوٹھا　　برابر لعین کے لگا ور ملا
سبک ضرب ماری جو بالا سے سر　　گئی کاٹتی تا بصدر و کمر
کمر سے جو اوتری تو زین و سمند　　ہوئی چار حصہ جدا بند بند
کہا شہ نی اللہ اکبر بجوش　　ہوا ہر طرف سے عجب پہر خروش
دل خسرو دین ہوا شادمان　　رخ شاہ خیبر پہ ظلمت عیان
سنا جب یہ مرحب نی احوال جنگ　　گرفتہ ہوا پہلوان بیدرنگ
لگا کرنے نالہ بہ آہ و بکا　　زبان سے بہت حرف ناخوش بکا
کہا لات و عزا کی کہا کر قسم　　منات و ہبل کا ہے مجھپر کرم

کرون قتل جا کر مین اس گرد کو | ملی خاک مین وہ تو جان شاد ہو
جلو ریز آیا بجوشش تمام | سوی بوالحسن شاہ عرش احترام
کہا خشمگین ہو کی ای نوجوان | تری موت لائی ہی تجکو یہان
کرون قتل تجکو تری فوج کو | ملاؤن تہ خاک سب اوج کو
بہت سحر پیشہ ہین قوم قریش | ولیکن مجہی بہی ہی اس وقت طیش
کیا ہی محمد نی برپا فساد | رکہا نام اپنا دلیل الرشاد
سوا اسکی دعوای پیغمبری | کہ ہی صاف اوسکی یہ افسون گری
ہر ایک دم کری ہی بطرز دگر | نہین کچہہ اوسی اپنی جانکا خطر
کرون آج اوسکو تباہ و خراب | ملاؤنگا بیشک بزیر تراب
جہان پہلوان مرحب خیبری | شجاع و غیور و جوان جری
میرا نام ہیگا بزیر سپہر | لرزتا ہی مجہسی مہ و تیر و مہر

سنی شاہ نی جب یہ گفتار سخت | کہا چپ ہوای مرد واژون بخت
نبی ہے فرستادہ کبریا | جہان سخا خسرو باوفا
ہے انجیل مین نام فارقلیط | خدا کی خدائی پہ بالکل محیط
اطاعت کرے جو نہ اوسکی قبول | وہ بیشک ہے مردک ظلوم وجہول
کرون زیر تیغ اب تجھی ریزہ ریز | بہت تو ہوا ہیگا مرد و دتیز
کہا شہ سی مرحب نے ای پہلوان | بتا تو نسب اپنا اور خاندان
یہ پاسخ دیا شہ نی ای نامراد | علی نام ہی ہو نہین ہاشم نژاد
ذرا یاد کر دل مین ای بدسیر | کہ ایک روز سوتا تہا تو بیخطر
نظر آیا ایک خواب حیرت فزا | تجھی تب ہوا نعرہ زن برملا
تری مانی پوچھا تو تونی کہا | ابھی خواب دیکہا عجب جان گزا
کہ ایک شیر آیا بہت خشمناک | کیا بیدرنگ اوسنی مجہکو ہلاک

ہوئے موبدان کہن آکے جمع ‏ بمانند پروانہ ہا گرد شمع

یہ تعبیر دی خواب کی تجھکو تب ‏ کہ شیر خدا ہے علی النسب

نہ کرنا کبھی اوس سے جنگ و جدل ‏ کہ ہیگا وہ شیر خدائے احد

کریگا تجھے قتل وقت مصاف ‏ اگر تو جہان مین ہو جون کوہ قاف

وہی ہو نہین ای مرد ناپاک خو ‏ تری ساتھہ ہوتا ہون اب جنگجو

سنا جب یہ مرحب نے احوال گرگ ‏ کیا نعرہ مانند ابر تگرگ

ہوا حملہ آور بجوش و خروش ‏ کمان کرکے زہ تا بہ پہنای گوش

ہوا اسقدر سخت ناوک فگن ‏ کہ حیران ہوا دیکھہ چرخ کہن

ہوا جب نہ کچھہ تیر سے اوسکی کام ‏ تو آیا وہین پر علم کر حسام

چلی اسقدر تیغ خارا شگاف ‏ کہ سیمرغ لرزان تہا در کوہ قاف

ز شور فلک تا بہ گاو زمین ‏ ہراسان و ترسان تہی اندوگین

لرزتا تہا مریخ بالائی چرخ
اسد بہی چہپا تہا بہ پنہائی چرخ

تماشا کنان تہی گروہ ملک
کہ کیا جنگ برپا ہی زیر فلک

نہنگان دریا پلنگان دشت
سواران ماچین جوانان زرشت

جن و دیو خیل وحوش و طیور
نظارہ کنان تہی یہ سب دور دور

جڑی تیغ مرحب کی ایک اسقدر
کہ شہ کی کیا اپنی سر پر سپر

سپر اور مغفر بہی یکسر کٹا
جبین مین در آئی وہ تیغ جفا

جلال آگیا شاہ کو ایک بار
کیا نعرہ اوسدم کہ یا کردگار

عنان سمند صبا دم پکڑ
جو کاوی پہ ڈالا کمر راست کر

ہوا بادپا بسکہ صرصر قدم
چلی جان دشمن بملک عدم

پلارک سر تارک خام کام
جو ماری غضب سی بزور تمام

سر و خود و جوشن وہ اشقر سمند
وہ گرز گران اور تیغ و کمند

بیک ضرب دو دو جدا ہمدگر — پڑی تہی بروی زمین بی وقر

زمین خون سی اوسکی ہوئی لالہ سان — نہ وہ پہلوان تہا نہ شور و فغان

پڑا ایک تلاطم میان دو فوج — دوان کرکے رہوار مانند موج

بہم ہر دو لشکر ہوئی گرم جنگ — بمیدان ہیجا پئے نام و ننگ

پیام اجل ہر زبان سنان — روان تہا ہر ایک پر جو آتے ان

امام امم مثل قہر خدا — جہکی جس طرف از برائی وغا

دو ور ایک دو مرکب دو خود و سپر — بیک طرفة العین آئی نظر

حسام دو دم بہر سو سا تیان — کری تہی وہ اعجاز موسی عیان

غرض جبکہ خندق پہ پہونچی علی — کیا نصب اوسجا نشان نبی

اوترا اسپ سی مثل روح الامین — ویا چون مسیحا ز چرخ برین

کیا جست مانند ضرغام نر — گذر خندق و تر سی مثل نظر

سواران کیا عالم رستخیز — ہوئی اسقدر تیغ خون ریز تیز

کہ دریائے خندق ہوا لالہ سان — خم رنگریزان ہوا بیگمان

ز خون یلان و سران سپاہ — گل ارمنی تہے زمین سیاہ

کیا نعرہ اللہ اکبر بشور — تڑپتی تہی سہراب و رستم بگور

کہ ای کاش ہوتی جو ہمراہ شاہ — غلامی مین سرور کی شام و پگاہ

تو ہوتا فزون اپنا جاہ و وقار — زہی پر حلاوت ہے یہ شہسوار

ہوا جو شجاعت کا نشہ و چند — کیا دفعتاً اپنا بازو بلند

لیا سہل اک دست سے پہر اوکہاڑ — در قلعہ سی آہنی وہ کیواڑ

کہ چالیس شخص اوسکو کرتی تہی باز — زہی طاقت حیدر سرفراز

کف دست مین در مثال سپر — بحکم الہی ہوئی حملہ ور

گریزان ہوئی کافران شریر — پریشان ہوئی کل کبیر و صغیر

بلند الامان کی صدا ایک بار
ہوئی غلغل افگن میان حصار

فرستادۂ حضرت بے نیاز
وہ روح القدس صاحب امتیاز

وحی لیکے آئی بجاہ و حشام
درود خداوند با صد سلام

نوید ظفر با وفور طرب
ہوئی سنکی شادان امیر عرب

کلام مناسب مقام

یہ بازل نے در حملۂ حیدری
روایت لکھی ہے یہ نظم دری

نبی نے سوئی جبرئیل امین
نظر کرکے دیکھا بغور متین

کہ پرہاے شہپر مین مجروح و ریش
نمایاں کسل ہاہے زاندازہ بیش

ہوئی حال پرسان جان عجیب
کہا یون سنو تم یہ حال غریب

ہوا مجکو یکبار حکم خدا
کہ جا سوئی لوط نبی الہدا

اوٹھایا پانزدہ شہر سوی سپہر ۔۔۔ نمودار ہو جیسکہ تابندہ مہر

اولٹ دی بروی زمین ایکبار ۔۔۔ بجا لایا مین حکم پروردگار

ولیکن سر مو نہ پہونچا ضرر ۔۔۔ سحر کو ہوئی سب دہ زیر و زبر

ہوا تج یون حکم جان آفرین ۔۔۔ بچھا اپنی پر کو بروی زمین

کہ آیا ہی غصہ علی کو کمال ۔۔۔ زمین پر ہی مصروف جنگ و جدال

مبادا یداللہ کی چلجای تیغ ۔۔۔ زمین ہووی دو حصہ پہر بیدریغ

سرافیل و میکال پی وہم و شور ۔۔۔ یداللہ کی بازو کو تہا مین زور

غرض حسب حکم خدای معین ۔۔۔ ہوئی ہر ستن گرم سوئی زمین

بچھایا جناحون کو بروی خاک ۔۔۔ ستہا بینی آخر بلا خوف و باک

پکڑ دست و بازو وہ دونون ملک ۔۔۔ ہوئی حیرت انگین بزیر فلک

یداللہ نے مرحب پہ از روی کین ۔۔۔ لگائی جو ایک ضرب ہو خشمگین

یہ سمجھا مین بس دم کہ چرخ اثیر　　گرا مجھپہ با ماہ و کیوان و تیر
کبھی تین شش پہر بلا ریو زنگ　　رہا دیکھہ مین زور حیدر کو دنگ
نبی نی سنا جب کہ یہ ماجرا　　بجا لائی پہر سجدۂ کبریا
علی ولی کو بلا کر وہین　　کہا تیری طاقت پہ صد آفرین
ہوا ختم بازل کا اسجا سخن　　اب آگی سنو حال خیبر شکن
نبی نے منگا کر کے اسپ عقاب　　رکہا پائی صولت میان رکاب
صحابہ و انصار نیکو سیر　　جلو ریز ہمراہ خیر البشر
در قلعہ پر آئی با کر و فر　　علے ولی ساتہہ تہی رہبر
جو دیکہا کہ خندق ہی حائل یہان　　گذرنا بلا پل ہی مشکل یہان
توقف کیا سب نی انجام کار　　جناب علی صاحب ذو الفقار
ہوئی مائل فکر چارہ گری　　پڑا تہا جو کندہ درِ خیبری

اوٹھایا دو پارہ ہوا شور و غل | رکھا جا کی خندق پہ مانند پل
ہوئی داخل قلعہ سب اہل دین | خوشی سی ہر ایک تہا مسرت قرین
بہت مال و اسباب و لعل و گہر | صنادیق درہم طبقہای زر
فرس ہای نجدی چو باد صبا | شترہای بغداد سیماب پا
غلامان گرجی خجستہ نظر | کنیزان رومی ہمایون سیر
سوا اسکی اکثر متاع گران | فراہم ہوا پیش شاہ جہان
کیا شہ نے تقسیم سب مال و زر | باصحاب اخیار والا گہر
صفیہ جو تہی دخت شاہ یہود | حسینہ جمیلہ عدیم الوجود
ہوئی بانوی محترم بی خطا | ہوا اوسپہ بذل لطف و عطا
قرین مسرت بصد طمطراق | رسول خدا شاہ جوزا نطاق
مدینہ کو عازم ہوئی شاد شاد | بعون خداوند رب العباد

ہوا جنگ خیبر کا قصہ تمام | کتاب بلاغت نی پایا نظام

بیان بازگشت خیر البشر بمدینہ منورہ بعد فتح خیبر و ذکر جنگ وادی القری با جنود یہود وسیاہ خیر الوری وکیفیت ارسال فرامین بنام سلاطین

گہر ریز کلک عطارد اثر
یون لکہتا ہی احوال خیر البشر

کہ مفتوح جب حصن خیبر ہوا
ہر ایک کافر شوم ابتر ہوا

بجا فوج مین شہ کی طبل رحیل
روانہ ہوئی فوج چون رود نیل

ہوئی جب مخیم بوادی القرا
یہودی ہوئی مستعد بر وغا

لگی چلنی تلوار وہان بیخطر
دو جانب ہوئے فوج زیر و زبر

غرض ایک دن تک رہی جنگ خوب
ولیکن ہوا جبکہ وقت غروب

ہوئی منہزم کافران جہول گریزان ہوئی دشت مین مثل غول
مویشی و اسباب اہل ظلام ہوا فوج کو شہ کی حاصل تمام
بفتح و ظفر شاہ و میر نجف ہوئی داخل قصر بیت الشرف
ہوا حکم اشرف بحکم خدا یہودون کے اخراج کا بے خطا
تمامی یہودان یثرب زمین نکالی گئی بادل پر ز کین
ترقی ہوئی دین کی اس قدر کہ ہر سو ہوا نور دین جلوہ گر
بحکم شہنشاہ محبوب رب بشاہان آفاق والا نسب
فرامین والا روانہ ہوئے تحیر مین اہل زمانہ ہوئے
مناشیر کا تہا یہ مضمون تمام کہ ای شہریاران عالی مقام
کرو ترک آئین و دین سلف عبث عمر کو مت کرو تم تلف
سزاوار طاعت ہے یکتا خدا بری از خطا و سراسر عطا

نبی اوسکا مین ہون محمدؐ امین ۔ کرو میری طاعت کہ ہو مومنین

جو نامی نبی کے حضور شہان ۔ گئی لیکے قاصد بصد فر و شان

ہوئی فکر طاری ہر ایک شاہ پر ۔ پڑا تہلکہ ایک در بحر و بر

نجاشی حبش کا تہا ایک تاجدار ۔ ہوا مسلم و مومن و دیندار

یمن کا بہی حاکم بصدق و یقین ۔ ہوا داخل زمرۂ مسلمین

شہ روم قیصر ہرقل اوسکا نام ۔ نہ نکلا وہ از دام کفر و ظلام

ولی عاجزی کی بصد التفات ۔ ہدیہ بہی بہیجا عریضہ کی سات

سپہدار ایران حماقت قرین ۔ نہ اسلام لایا ہوا خشمگین

گئی آبرو اوسکی از دو سرا ۔ معذب ہی در قعر تحت الثری

بیان رفتن قاصد صبا خرام از پیشگاہ خیر الانام

نزدیک حاکم بصره و شہادت آن در اثنا
راه از دست حاکم شہر موتا و رسیدن این
خبر بحضرت خیر البشر و ارسال جیش بقہر و طیش
بر حاکم مذکور و مقابلہ نار و نور و کیفیت شہادت زید و ابن
رواحہ و جعفر طیار و در آخر نصرت لشکر سید المرسلین
بر کافران بیدین بعنایت رب العالمین

الا ای بلیغان سحبان سخن — جوانان صالح یلان سخن
سنو جنگ موتا بصد فکر و ہوش — عجب داستان ہے اسے دھر گوش
بحکم رسول خدائے صمد — دبیر سخنور نے باشد و مد
لکھا ایک نامہ ہدایت شعار — بنام سپہدار بصرہ دیار
روانہ ہوا لیکے حارث وہ خط — ہر اک حرف اوسکا تھا معجز نمط

مثال صبا گرم رو تھا برید | بہت قطع کی اوسنے راہ شدید

تھکا تھا زبس رہ مین مرد جلیل | ہوا جا کی موتا مین حارث نزیل

شرجیل حاکم تھا اوس شہر کا | وہ حارث کی آنی پہ واقف ہوا

او سیدم کیا قتل حارث کو بس | لیا چہین سب اوسکا رخت و فرس

سنا قتل حارث کا حضرت نے حال | ہوا سرخ چہرہ غضب سے کمال

او سیدم جوانان مردان کار | روانہ کئے شاہ نے سہ ہزار

کیا زید کو فوج پر حکمران | ہوا رتبہ اوسکا ثریا نشان

زبان مبارک سی پہر یون کہا | کہ ای سرفروشان راہ خدا

اگر جنگ مین زید ہووے شہید | تو جعفر کو کرنا امیر مجید

جو جعفر بہی ہووے شہید سعید | تو ابن رواحہ کو با صد امید

بنانا امیر سپاہ سنی | جو وہ بہی فدا ہو براہ سنی

تو حاصل ہے پھر فوج کو اختیار — جسے دل مین آوے کرے فوجدار
ہوئی بعد ازین فوج رخصت تمام — لگی جا کی جنگل مین اونکی خیام
سنی شاہ موتانی یہ داستان — گئی سر سے سب اوسکی ہوش و توان
لکھا قیصر روم کو ایک خط — سراسر دروغ و سراپا غلط
مدد مانگی قیصر سے با صد نیاز — ہوا قیصر روم حیرت طراز
روانہ کئے اوسنے جنگی جوان — سوی شاہ موتا بہ رسم مہان
شبر جمیل کا تھا برادر جوان — بلا کر کہا اوسنے ای مہربان
تو کر جلد تبدیل اپنا لباس — سجائی قصب پہن لے تو پلاس
ذرا جا کی تو دیکھ اب فوج مین — کہ لشکر نبی کا ہی کس اوج مین
سوار و پیادہ ہین کتنے یلان — جری ہین وہ سب لوگ یا بزدلان
خلاصہ روانہ ہوا وہ جوان — سوی فوج پیغمبر انس و جان

ہوا داخل فوج مرد جہول ‌‌‌— بوادی القرا تہی سپاہ رسول

سران سپہ کو ہوا کشف حال — کہ جاسوس ہیگا یہ شیطان ضال

اوسی دم کیا سر کو اوسکی جدا — سقر کو گیا کافر بے حیا

شہ جبل نے جب سنی یہ خبر — ہوا چاک چاک اوسکا یکسر جگر

سپہ لیکے میدان مین آیا وہان — تلاقی ہوئی فوج مین بے گمان

بیک سمت نار و بیک سمت نور — بیک سمت نوحہ بیک سمت سور

بجا طبل و قرنا و جانب بشور — عیان ہو گیا دم مین یوم النشور

ہوئی گرم جولان سواران ترک — جوانان رومی شجاعان ترک

دلیران اسلام بہرام جوش — بہ اللہ اکبر ہوئے پر خروش

اوڑی جو سم بادپا یونسی گرد — چلی ایک ہوا بھی بہت تند و سرد

غباری ہوا ابر زیر فلک — تماشا لگے کرنے حور و ملک

چمکنے لگی برق شمشیر کی | ہوئی بارش سخت پہر تیر کی
ہوا رود خون ہر طرف جلوہ گر | مثال نہنگ اوسمین تہی جسم و سر
جری ازل زید رستم توان | گران کرکاب و سبک کر عنان
ہوا حملہ ور مثل ضیغم وہ شیر | عدوان بیدین ہوئے جانسے سیر
پس از کوشش و جنگ مردانہ وار | گیا سوئے جنت وہ نامی سوار
امیر سپاہ رسول عرب | ہوئی پہر تو جعفر رفیع النسب
دوبالا ہوئی آتش جنگ گرم | نہ دیکہی تہی بہرام نی بہی یہ رزم
دلیر آوران جعفر شیر جنگ | یل ہاشمی مرد پولاد چنگ
اخی نبیؐ و اخی علیؑ | جبین سے ہزارون شرف منجلی
محیط دلیری کا یکتا نہنگ | کنام شجاعت کا جنگی پلنگ
سپہر شرافت بہ نجم العلا | عیان روی نیکو سے نور خدا

مسلح بآلات وہ شیر نر ہوا خانہ زین مین جلوہ گر

اوٹھا گرز مانند دستان سام مقابل ہوا اشقی شیر کنام

بنطق فصیح و زبان عرب رجز خوان ہوا پہلوان عرب

کہ ہون مین جوان جری ہاشمی مخاطب باخ ابو القاسمی

برادر ہی میرا علی ولی ثنا خوان ہے جسکا خدای علی

رجز پڑہ کی حملہ کیا ایک بار بہت سی کئی قتل نامی سوار

ہوئی آخرش دونون بازو جدا ز دست لعینان اہل جفا

گری اسپ سے جعفر نامدار ہوئی داخل خلد پروردگار

سر سروران افضل اتقیا رسول خدا بہتر انبیا

مصلے پہ بیٹہی تہی در یاد حق کہ ناگہہ ہوا رخ پہ طاری قلق

لگی رونی حضرت بہت زار زار ہوئی دردسی دل کی بے اختیار

صحابہ نہایت پریشان ہوئی
غم شہ سے دلمین ہراسان ہوئی

کیا عرض سب نے بعجز و ادب
کہ کس وجہ حضرت ہوئی پر تعب

سبب اسکا کچھہ ہووے ہمپہ عیان
کہ واقف ہون ہم تا ز راز نہان

کہا شہ نے ای معشر المسلمین
ہوا ہون مین اس وجہ اندوہ گین

کہ موتا مین اسدم ہی جنگ و جدل
ز جیش محمد ز فوج ہرقل

ہوا زید بیچارہ اول شہید
براہ خداوند رب مجید

پس آنکہ ہوا جعفر تیغ زن
جوان بہادر شجاع زمن

شہید حسام سپاہ عدو
کٹے ہاتھہ دونون سے لے آبرو

یہ آیا نظر مجکو ای مسلمین
کہ ہون مین سراسر الیم و حزین

ولیکن سپاس خدا بیقیاس
کہ حاصل ہوا اوسکو والا اساس

رضای خدا مین ہوے جو شہید
خدائی بہی کی مہربانی مزید

دو بال زبرجد چو تابندہ مہر
عوض مین وہا تہونگی ارراہ مہر

ہوی جعفر نامور کو نصیب
مثال ملایک ہوا وہ حبیب

ہوا انشو کتا حال یہ تو عیان
لڑائی کا اب قصہ ہووے بیان

یون لکہتا ہی راوی ستودہ صفات
کہ جب گذری جعفر کسا کرکی ہاتہہ

پہر ابن رواحہ کی نوبت ہووے
عیان اوسی بہی خوب جرئت ہووے

ولی آخرش وہ بہی سوے جنان
روانہ ہوا کہا کی نوک سنان

ہوا روز آخر چہپا آفتاب
ستارے نکل آئی اور ماہتاب

گئے اپنے خیمو نمین جنگی جوان
ہوئی مائل خوردن آب و نان

مثال کواکب بہنگام شب
ہوئی زمرہ مومنین جمع سب

پس از فکر بہر ترقی اوج
کیا سب نے خالد کو سردار فوج

بنا جبکہ خالد امیر حشم
ہوی مطمئن مسلمین یک قلم

اوسی وقت لی ساتھہ جنگی یلان — ہوا دشت مین جا کی پنہان جوان

دم صبح ہر دو سپاہ بزرگ — چو شیر ژیان اور چون مست گرگ

صف آرا ہوی از رہِ قہر و کین — بسان شفق ہو گئی وہ زمین

کہ اتنی مین خالد بصد کر و فر — ہوا دامن دشت مین جلوہ گر

سپاہ نبی نی کیا شور و غل — کہ صد شکر ای داور جزو کل

کہ آئی مدینہ سے فوج گران — برای مدد از شہ انس و جان

امیر عرب شاہ خیبر کشا — مویدہ بتائید یکتا خدا

پی قتل کفار شوم جہول — وہ آئی ہمراہ فوج رسول

ہوئی گفتگو یہ جو ہر سو بلند — عدو ہو گئی سنکی اندیشہ مند

ہوا رعب طاری ہر ایک مرد پہ — ہوا سب پہ غالب ہراس و خطر

لگی کرنے اعدا بہم گفتگو — کہ شیر خدا ہے یل نامجو

نہین جنگ کی اوسکی طاقت ہمین — کہان ہے یہ جرأت بسالت ہمین
کہ ہون ہم نبرد از شہ ہل اتی — پس اب جان بچانا ہی سبکو روا
یہی ذکر کرتے تھے کفار دون — کہ یکبار وہ خالد ذو فنون
ہوا حملہ آور چو پیل دژم — عقب اوسکی اسلامیان یکقلم
لگی بھاگ یکدست رومی سوار — چو فرّار مفرور از پیش نار
ہوئی خالد پہلوان چیرہ دست — سپاہ اعادی نے پائی شکست
گریزان تھی چون کلب دزدیدہ دم — ہوئی مثل کافور کفار گم
ظفر یاب غازی ہوئی بی تعب — لگی لوٹنے مال و اسباب سب
ہوئی فوج اسلام چون فتحیاب — شریرونکا دل ہوگیا چون کباب
مدینہ کو راجع ہوئے مسلمین — فرحناک و خندان کشادہ جبین
حضور نبی آئی نصرت قرین — نبی نے کہا مرحبا آفرین

فتح مکہ معظمہ

پلا ساقیا جام صہبا مجھی — برائی خدا اب نہ ترسا مجھی
بالحان داؤد ای دلنواز — سنا فتح مکہ بصوت حجاز
بحکم خدای ذوی الانتقام — ہوئی عازم مکہ خیر الانام
سپہ پاس تھی شہ کی بارہ ہزار — مکمل مسلح پی کارزار
ہوئی جا کی نازل قریب حرم — باقبال و دولت بفر حشم
ابو الفضل عباس شیخ العرب — ہوئی وارد کعبہ بیخوف جب
سوئی مکہ راہی ہوئی وقت شب — ملاقات کی اونسی سفیان نی تب
کہا ای ابو الفضل بہر خدا — کوئی خوب تدبیر مجھکو بتا
کہ تا جان رہی اور عزت بچی — عرب میں ہمیشہ فضیلت رہی

کہا اوسکو عباس نے ایجوان | اسیواسطی مین بہی آیا یہان
کہ تا اہل مکہ کو ہووی خبر | وگرنہ خرابی ہے وقتِ سحر
ہوا خوب مجکو جو تو یہان ملا | یقین ہے کہ سب آفتون سی بچا
تو چل اب مرے ساتھہ پیش رسول | بدل کر تو دین نبیؐ کو قبول
نہ پہر جنگ ہوگی نہ پرخاش وکین | نبیؐ ہوگی تجہسی مسرت قرین
وہ القصہ ہمراہ شیخ العرب | روانہ ہوا نزد محبوب رب
ہوا آکی وارد حضور رسول | ہراسان ولرزان بروی ملول
بہت کی سماجت ہوا کلمہ خوان | نبیؐ نی دلاسا دیا اور امان
ہوئی باخبر جبکہ حضرت عمرؓ | کہ سفیان ہی پیش خیر البشر
علم کرکے جلدی سی تیغ پرآب | روانہ ہوئی جلد چون سیل آب
جو سفیان نے دیکہا کہ آئی عمرؓ | برہنہ کئے تیغ در کف سپر

اوڑی ہوش اوسکی ہوا بدحواس — پہنہ مانگی جلدسی حضرت کی پاس
ہوئی نعرہ زن آکی حضرت عمرؓ — کہ ای مرسل داور دادگر
یہہ ہے مرد مکارہ شوریدہ سر — روا کب ہے شفقت کی اسپر نظر
پرانا ہے دشمن یہ مرد کہن — کرو اسکا اب سر جدا بی سخن
نبی نے کہا اب تو مسلم ہوا — نہین تیغ رانی ہے اسپر روا
کرو اسپہ مصروف تم بہی کرم — کہ افعال سے اپنی ہی یہ ندم
یہہ سنکر ہوا غصہ یکسر تمام — کیا پہر تو شمشیر کو در نیام
ستارہ سحر کا جو لامع ہوا — تو پہر صبح کو مہر طالع ہوا
ہوا شوق سبکا بسوی حرم — ہوئی فوج طیار باصد حشم
یہ سفیان بولا زبیر الورے — مجہی حکم جو ہو وہ لاؤن بجا
تبسم کیا شہ نے اور یہ کہا — کہ جا سوئی مکہ مثال صبا

منادی ہوا جا کے بصوت بلند
کہ آتی ہین اب ہادی ارجمند

ہر ایک اپنی گہر مین رہا میرے گہر
دیا در حرم بے سلاح و سپر

سکونت سے بیٹہی بلا شور و شر
امان اوسکو ہی کچہہ نہ لاوے خطر

ابو حنظلہ پہر تو عازم ہوا
کہا اوسکو عباس نے پہر جا

ذرا دیکہہ لے فوج کو غور سے
کہ ہی جیش اسلام کس طور سے

کہا اوسنے پہر بہی یہ لیبن تہا
کہ فوج نبی کو مین دیکہون ذرا

ہوا ساتہہ عباس کی وہ جوان
سر راہ تہا ایک پشتہ وہان

چڑہا اوسپہ پہرِ تماشائی فوج
بہمراہِ عباس فرّخی مجد و اوج

بجاتی ہین کوس و تبیہ خم
ہوئی ہوش اعدا کی یکدست گم

رسولِ خداوند پروردگار
ہوئی ناقۂ تیز تگ پر سوار

صفوفِ جنود ملایک نظیر
بحکم جناب بشیر و نذیر

روانہ ہوئی با جلوس تمام — پس یکدگر با شکوہ و نظام

نخستین روان خالد ابن ولید — مقدم تہا سب سی بجاہ مزید

درفش درافشان درخشان تہی پیش — کہ سفیان ہوا دیکہکر اوسکو ریش

عقب اوسکی باندہی پرا ایک ہزار — سواران جنگی چو اسفندیار

زرہ بر مین سب تنگ باندہی کمر — دہرا خود فولاد بالائی سر

پڑین سب کے گہوڑونپہ برگستوان — قوی سب کے سب اور یکسر جوان

سپر اور شمشیر و تیر و کمان — ہر ایک اپنی موقع پہ زیب بیان

سپہدار اونکا بصد کر و فر — روانہ تہا ہمراہ چون شیر نر

ہوا پہر گروہ دگر آشکار — سراپا درفش اوسکا تہا زرنگار

یل پرتہور زبیر عوام — سوار فرس صفدر نیک نام

لئے ساتہہ اپنے وہ پانصد سوار — ہر ایک مثل گرشاسپ عالی وقار

گیارہ سی باشکوہ تمام | تعجب سے سفیان ہوا خستہ کام
گیا تیسرے جوق نے پھر گذر | منور تھا ہر شخص رشک قمر
جہان دیدہ بوزر بجاہ و وقار | روان اوسکی ہمراہ سے صد ہزار
سرون پر دھری خود و بر مین زرہ | غضب سے دو ابرو پہ واضح گرہ
کمر مین لگی تیغ آتش فشان | کف دست مین نیزہ جان ستان
سپر پشت پر اور زین پر کمند | تہے ران ہر ایک کی صبا وش سمند
گئے مثل بجلی نظر سے گذر | وہ جنگی جوانان مریخ فر
ہوا پھر بنی کعب کا جو ورود | جلا دیکھکر اون کو قلب حسود
دو رایت یمین و یسار اونکی ساتھ | ہر ایک مرد اوسمین تہور صفات
بزرگ حشم بیش صف باشکوہ | بدل ہمچو رستم بہ تمکین چو کوہ
سوار فرس پانصد پہلوان | چو امواج دریای روئین روان

یلان مدینہ ہوئی پہر عیان | جوانان گلفام قارن توان

چو گودرز بہرام و گرگین و طوس | چو میلاد و پرویز و چون اشکبوس

جوانان زرین قبا یک ہزار | بہمراہ سردار خود با وقار

سہ پرکالہ رایت روان پیش پیش | قرینہ سی راہی وہ پاکیزہ کیش

گئی سامنی سی چو تیر روان | ہوئی چشم سفیان سی دم مین نہان

پہر آئی نظر ایک فوج عظیم | خرامان روان مثل باد نسیم

سپاہ جہینہ کی سہ صد سوار | دلیران و گردن کش و نامدار

بزرگ قبیلہ روان پیش صف | سوار فرس تیغ بران بکف

لوا اوسکی ہمرہ تمامی کی چار | درفش کیانی ہو جیسی نثار

گئی وہ بہی جب ہانسی نکی سر خطان | ہوا پہر تو سعد عبادہ عیان

امیر و سرافراز بر اوسیان | ز انصار خاص رسول زمان

سراپا ہی آہن چو تیر خدنگ
ببالائی زین چون کہ لاو نہنگ

سواران شائستہ کارزار
روان اوسکی ہمراہ تہی سہ ہزار

طلائی تہی گہوڑونپہ ساز و یراق
ہر ایک شخص آمادہ بہر سیاق

مقدم روان رایت و طبل و بوق
باقبال راہی یلان جوق جوق

غرض جملہ افواج خیر البشر
بہ تمکین و شوکت باجلال و فر

کہ ہی شرح اوسکی عریض و طویل
سبو مین کب آتا ہی دریائی نیل

گئی پیش سفیان ہی سوئی حرم
ہوئی چشم سفیان ندامت سی نم

ہوا پہر زمین و فلک نور باش
پہر سو یہ غل تہا کہ ہان دور باش

رسول خدا فخر کل انبیا
میان صحابہ چو شمس الضحیٰ

روان ناقۂ نور پر شادکام
ملائک قدمبوس با احترام

لوا ور ید حیدر نامور
روانہ جلو مین قضا و قدر

جو آیا نظر مرکب شاہ دین ‌ ‌ لگا کہنے سفیان ہو شرمگین
کہ عباس سے مشفق و مہربان ‌ ‌ بہت میں نے دیکھی ہیں شاہنشہان
سواری خاقان چین و ختن ‌ ‌ سپاہ ظفر موج روئینہ تن
سواری رایان ہندوستان ‌ ‌ سوا اسکی قیصر کی فوج و نشان
عرب کی قبائل شہامت مکان ‌ ‌ قشون عجم پیش نوشیروان
ولیکن یہ دیکھا نہیں رعب و جاہ ‌ ‌ محمد ہی سب سے قوی بادشاہ
کہا اوسکو عباس نے ای جہول ‌ ‌ نہ بک اس طرح تو ہی مرد فضول
یہ شان و شکوہ خدا داد ہے ‌ ‌ منقش تری دل پہ شداد ہے
یہ پیغمبری کا ہی جاہ و جلال ‌ ‌ کمال خدا کو نہیں ہے زوال
قیاس اسطرح کا ہی اثم عظیم ‌ ‌ یہ ہے دبدبہ از رؤف الرحیم
گیا پھر تو سفیان چو باد شمال ‌ ‌ کہا سب سے مکہ میں یکدست چال

ہوا ایک مکان ہی قریب حرم | وہان جا کی پہونچی شہ جم خدم
ہوا اہل لشکر کو یہ حکم عام | کہ تا ہو نہ رہ مین بہت اژدہام
کہ تم چند رہ سی بلا پیچ پلش | سوی کعبہ راہی ہوا بے خلش
خلاصہ کہ وادی سے فوج نبی | روانہ ہوی باوفور خوشی
سہیل جوانمرد اور عکرمہ | بصد ولولہ اور بصد ہمہمہ
بہمراہ جہال شوم و عنید | ہوی حملہ ور بر سپاہ ولید
دو مسلم ہوی قتل وہان بی سبب | ہوا پہر تو خالد بہت پر غضب
ہوا اہل مکہ سے گرم نبرد | کئی بیس اونسی وہان قتل مرد
ہوا شہ کو معلوم جو حال جنگ | روانہ کئی لوگ تب بیدرنگ
کہ تا جنگ موقوف ہو بیگمان | ہوی لوگ حائل میان یلان
ہوا رفع قصہ غرض اوس گہڑی | سوی مکہ فوج پیمبر بڑہی

ہوئی جا کی وارد حرم مین رسول | خدا کی ہو جسطرح رحمت نزول

گیا شاہ دین طوف بیت الحرام | بتون کو گرایا ز بالائی بام

ہوئی مسلمین ساکنان حرم | دلون سی ہوئی محو یاد صنم

پلا ساقیا آب کوثر کا جام | ہوا فتح مکہ کا قصہ تمام

بیان غزوہ حنین

چو سرسبز و خرم محمد ہوئی | غضبناک کفار بے حد ہوئی

ثقیف و ہوازن دو قوم عظیم | یلان نبی نضر و آل ہشیم

کہ تھی ملک طائف مین یکسر مقیم | باقبال و اجلال و مال فخیم

نبی سی ہوئے مستعد بہر جنگ | بہ تیغ و کمند و کمان و خدنگ

امیر کبیر اونکا مالک بنام | قبائل مطیع اوسکی یکدل تمام

ہوا از رہ جہل وہ زشت خو — جناب پیمبر سے پیکار جو

فراہم کئی اوسنی عمدہ سوار — جو گردان ماژندران سی ہزار

سرافراز اونین بجاہ و توان — معزز ابو جہل دل پہلوان

چو ارژنگ اکوان و عفریت تہا — غلط بلکہ جرات مین اوسنی سوا

سوی کعبہ عازم ہوا با سپاہ — پی بد گہر مالک رو سیاہ

بحکم خدا سرور دو جہان — پی حرب با لشکر بیکران

روانہ ہوی شہ ز بیت العتیق — ہوی اہل مکہ بہی یکسر رفیق

شمار سواران تہا سولہ ہزار — ہر ایک پہلوان و ہر ایک نیزہ دار

حنین ایک وادی ہی وحشت اثر — زمین پر گریوہ ہی وہان بیشتر

سیہ لشکر مالک تہا پہان وہان — جو پہونچی بیکدفعہ اسلامیان

گرا دفعتاً مثل خیل جراد — گریزان ہوے جملہ اہل جہاد

نبی سے سرافراز با ہمت مرد | رہی ایستادہ بدشت نبرد

کہ تھے آل ہاشم سے وہ پہلوان | عزیزان پیغمبر انس و جان

نبی نے کیا اوس گھڑی عزم جنگ | علی نے کیا عرض یون بیدرنگ

کہ ای مرسل داور دوسرا | نہو عازم حرب اہل جفا

علی ہیگا حاضر برای جدال | نظارہ کرین آپ با صد جلال

کہ کس طرح لڑتا ہون مردانہ وار | قیامت کا عالم کرون آشکار

وگر مر گیا مین بمیدان جنگ | تو پھر آپ مختار ہین بیدرنگ

دعا دی پیمبر نے اور یہہ کہا | کہ بہتر ہے تو جنگ کر اب اخا

ہوی یورش اتنی مین شہپر سوا | قریب آیا بو جرد بے حیا

علم کی غضنفر نے تب ذوالفقار | ہوی دو ہلال ظفر آشکار

تہران ہوا گرم گلگون جو برق | پڑا زلزلہ ایک در غرب و شرق

لگی تیغ چلنے میان دو یل — سیکے با خدا تو یکے با ہبل

پڑی ذوالفقار امام البشر — بفرق ابوجبر دل بد گہر

ہوا دور تن سے سر نابکار — ادا شہ نے تکبیر کی ایک بار

لعینان بد دین ہوئے نیم جان — رسول خدا ہو گئے شادمان

صحابہ کو عباس نے دی ندا — کہ ای دوستان نبی الہدا

برا عیب ہے نزد نام آوران — گریزان نہو جنگ سی ای یلان

نبی ہینگے تنہا کھڑے بے خطر — علی محو پیکار چون شیر نر

ہو تم بھی تو سب یاور مصطفی — رکاب سعادت سی مت ہو جدا

پھری سنکر آواز یکصد سوار — ولی سخت از فعل خود شرمسار

علی نے کیا تیز توسن چون باد — پس پشت صد راکب شیر زاد

غضب مین تھے شاہ ولایت پناہ — کیا دم مین فوج لعین کو تباہ

ہوا دشت مین دجلہ خون روان | ز برّائی تیغ سپہ زمان

کمند و سنان گرز و تیغ و تبر | پیام اجل کے ہوئی نامہ بر

زبس تیر تھی مثل طایر روان | نیستان ہوا ہر تن پہلوان

گریزان ہوئے آخرش مشرکین | مظفر ہوئی سرور مومنین

مگر مسلمین نے تعاقب کیا | لیا چھین جو مال و سامان ملا

فراری جو تھی با دل دردمند | ہوئی شہر طائف مین پھر قلعہ بند

لیا گھیر شہ نے وہ قلعہ تمام | ہوئی آخرش عاجز و خستہ کام

کیا سب نے ناچار ایمان قبول | ہوئی مسلمین وہ ظلوم و جہول

باقبال و شوکت شہ بے نظیر | پھر سوئے کعبہ پہنچے بشیر

ہوئی وہانسی سوئے مدینہ روان | چو مہر درخشندہ بلعز و شان

پڑہا رہ مین خطبہ بجمع غدیر | حضور تمامی صغیر و کبیر

پس از طی وادی دور و دراز | مدینہ میں آئی شہ سرفراز

خاتمۂ شہنشاہ نامہ

سنو ای عزیزان صاحب ذکا | نہ مخفی رہے تمہ یہ ماجرا

کہ احوال پیغمبر نامور | فزون ہے نہ اندازۂ ہر بشر

تو لکھی ہیں غزوی کتب میں رقم | زدست دبیران جادو قلم

ولیکن یہ جنگ ہیں بس عظیم | جو میں نے لکھی یہاں بوجہ سلیم

ہے کافی پی ناظرین یہ کلام | سخن کا یہاں سی ہی اب اختتام

دو ہفتہ میں یہ داستان جلیل | ہوئی ختم از عون رب جلیل

جو ماہ دو ہفتہ لبالب زنور | ہر ایک شعر اسکا ہی رخشندہ نور

مہینہ محرم کا ہے شور کتا | ہر ایک سمت ہی شور واحسرتا

جہان نوحہ خوان ہی باآہ و بکا
بیادِ شہیدان کرب و بلا

سنا تو بہی مضمون اندوہ ناک
گریبان و دامان ہوتا چاک چاک

لکہہ اب رحلتِ مصطفیٰ کا بیان
بپا تا ہو ماتم بکون و مکان

جو عمر گرامی کی شصت و سہ سال
ہوئی ختم دنیا مین با صد جلال

خداوند عالم نے چاہا وصال
ز محبوب مسعود فرخندہ فال

ہوئی شاہ آمادہ بہر سفر
کرین تا جہان بقا مین گذر

بظاہر ہوئی پیمبر علیل
کیا شہ نے دنیا سی عزم رحیل

رہی بارہ دن تک مریض و سقیم
صحابہ تہی اندوہ سی دل دونیم

پس آنگاہ روح نبی الورا
گئی عرش اعظم پہ نزد خدا

لکہون آگی کیا حال خویش و تبار
کہ کس طرح تہی غم سے زار و نزار

عزیزونکا ماتم صحابہ کا غم
کہان ہے یہ طاقت کہ ہووی رقم

الہی توہی ارحم الراحمین — طفیل جناب رسول امین
گناہون کو کر عفو میرے تمام — نہون تا سیہ رو بروز قیام
میری دلسی اندوہ دنیا ہو دور — مبدل ہو غم با نشاط و سرور
یہ ہے آرزو میرے لیل و نہار — نہون ملتجی پیش ہر نابکار
کرون عمر بہر مین بعزت بسر — تری یاد ہو مجکو شام و سحر
بحق شہنشاہ خیر البشر — عقوبت سی عقبی کی آزاد کر
شفیق و کرم گستر و مہربان — ابوالفضل عباس روشن روان
سخندان سخن سنج مرد وجیہ — میرے ہین وہ اوستاد لاریب فیہ
زبان اور تازی و پارسی — ہی اردو زبان اونکی جون آرسی
تخلص ہے رفعت سخن ارجمند — طبیعت رسا فکر و معنی بلند
شہنشاہ نامہ ہوا جب تمام — سنا کرکے مینے کیا یہ کلام

ضیا قمر ہیگی از آفتاب — مناسب ہے اصلاح اسکی جناب
یہ فرمایا مجھسی بہت خوب ہے — خدا کی قسم جملہ مرغوب ہے
سراسر ہی شیرین تمہارا کلام — بہت خوب ہے نظم کا انتظام
ہوئی شاد خاطر بس اوس گہڑی — بدیہہ یہ تاریخ موزون پڑہی
چہ خوش گفت سردار شیرین بیان — شہنشاہ نامہ بار و وزبان
بود تا قیام جہان کہن — زشوکت بود یادگار این سخن
بجستم چو تاریخ از کردگار — ندا زد خرد دفتر تابدار ۱۲۹۲

تاریخ از کلام میرزا منش فرخندہ روش ابو القاسم نوجوان پسر کلان نعمت خندان

ایک زبان کہتی ہین سب اہل عقل — ہیگی بہت خوب یہ واللہ نظم
عرش سے تا فرش یہ ہے غلغلہ — ہے تاریخ ختم روح فزا نظم ۱۲۹۲

تاریخ از کلام نونہال بستان سخن عزیز القدر ابو الحسن پسر خورد رفعت سخن شناس سلمہ رب الناس

شہنشاہ نامہ ہی شوکت کا خوب | ہر ایک شعر مانند یاقوت ہے
بہت خوب تاریخ ای دوستو | سنو مجھسی شمشیر لاہوت ہے ۱۲۹۲

تاریخ از کلام نقاوہ خاندان اہلبیت سید امیر علی صاحب ہیبت

شہنشاہ نامہ چو شوکت نوشت | بشائستہ عنوان و وجہ سلیم
دو تاریخ زیبا بخاطر رسید | بفضل خداوند رب کریم
یکی اخبار ممتاز تاریخ او ۱۲۹۲ | دگر گفت بشنو ای دوست رب عظیم ۱۲۹۲

خاتمہ مشتمل بر احوال شوکت صاحب کمال

جناب شوکت مآب عالی خطاب میان یار محمد خانصاحب بہادر خلف
الصدق میان فوجدار محمد خانصاحب بہادر جنت آرامگاہ بن نواب
غوث محمد خانصاحب بہادر بن نواب حیات محمد خانصاحب بہادر بن
سردار دوست محمد خانصاحب بہادر میرازی خیل کہ احوال خجستہ مآل
ان سردارونکا تاج الاقبال تاریخ بہوپال مین جناب عالیہ قدردان
فیضرسان نواب شاہجہان بیگم صاحبہ والیہ بہوپال المتخلص بہ
شیرین دام اقبالہا نے بآئین بہین تحریر فرمایا ہے
عنایت الہی سے مجمع فنون ومطلع علوم ہین بتاریخ ۲۷-ماہ-
صفر سنہ ۱۲۴۹ھ پیدا ہوئے بکمال ناز ونعمت پرورش پائی
مولوی سید محمد عبداللہ صاحب متوطن قصبہ خوشاب پنجاب شاگرد
مفتی شرف الدین صاحب مرحوم رامپوری اور منشی احمد علیصاحب مرحوم

خلف ملا اسمعیل صاحب متوطن شہر سرونج ان دونون صاحبان
ذی علم سے کتب درسیہ عربی فارسی پڑہکر صاحب استعداد
ہوئی میر اکبر علیخان صاحب خلف میر بابر خانصاحب
نبیرہ میر حیدر خان غازی دہلوی سے آداب مجلس و فن
طبابت و آئین سیف بازی کو حاصل کیا سکندر محمد خان
صاحب شہسوار سے قاعدہ سواری اسپ کو جیسا چاہیے سیکہا اور
صحبت اطبا و علما و شعرا و سپاہیان کامل فن سے ماہر علم
و فن ہوئے جود و بخشش سے سیکڑون آدمیون کو ممنون احسان
فرمایا ہمرکاب خلد نشین نواب سکندر بیگم صاحبہ جو تبقریب
ملاقات لارڈ صاحب بہادر اگرہ کو تشریف لیگئی تہین بطریق سیر وارد
شاہجہان آباد ہوئے جناب نجم الدولہ دبیر الملک مرزا اسد اللہ خان

صاحب بہادر المتخلص بہ غالب دہلوی سے ملاقات کی اور اونکی
شاگرد ہوے شوکت تخلص خسرو شعرای ہند سے پایا مرزا
صاحب نے جناب ممدوح سے کہا کہ آپ میرے شاگرد ہوے
اگر چندے یہان رہنے کا اتفاق ہوتا تو فن شاعری مین آپکو
مہارت کلی حاصل ہوجاتی مگر قیام ممکن نہین بھوپال مین مولانا
محمد عباس رفعت شروانی میرے دوست مرد فاضل
ادیب کامل موجود ہین فارسی زبان اونکی نہایت فصیح اہل زبان
سے ملتی ہے بارہا اپنا کلام میرے پاس بھیجکر مولانا نے مجھسے
اصلاح بھی لی ہے اون سے بہتر دوسرا شخص مجھے وہان نظر نہین آتا
آپ کو مین اجازت دیتا ہون کہ آپ اونسے اصلاح اپنے کلام
مین لیکر میرے پاس بھیجا کرین جناب موصوف نے ارشاد غالب

عمل کیا - رسالہ گلدستۂ نرگس اور چند غزل جناب غالب
کے پاس اصلاح کو بھیجین اور اصلاح لی بعد انتقال غالب
علیہ الرحمتہ جو نظم و نثر ابتک جنابعالی سے لکھین اکثر
مولانا رفعت کو دکھا کر مشتہر کین - تذکرہ فرح بخش - انشاء
نور چشم - ہفتخوان شوکت - قرابادین شوکتی - بازنامہ
فیل نامہ - فرس نامہ - مراسلات شوکت - چار باغ شوکت
دیوان شوکت - شہنشاہ نامہ - تصنیفات جناب ممدوح سے
زمانہ مین یادگار ہین اللہ تعالی انکو صد و سی سال بحشمت و اقبال
سلامت رکھی شہنشاہ نامہ تعریف سی مستغنی ہے مشک آنست
کہ خود ببوید نہ کہ عطار گوید یقین ہے کہ خاص و عام اسکو
ازبر یاد کرینگے اور جو دیکھی یا سنیگا آفرین آفرین کہیگا فقط

تقریظ وقطعات تاریخ کتاب مستطاب

حمد وافزہ اوس ناظم حقیقی کے سزاوار ہی جسنی ہیت دنیا کو
تقطیع موزونیت سے مزین فرمایا اور سخن کو ہماری خاطر اور ہمکو
سخن فہمی کی خاطر پیدا کیا جل جلالہ وعم احسانہ آفریدگار
سخن کا جلوہ نئی نئی صورت جدا جدا طلعت وپیکر مین ہر جگہہ
ظہور پاتا ہے صانع مطلق وبرحق کی صنعتونکا کرشمہ قدرت
انواع انواع رنگ سے شجر وحجر جن وانس ہر کہین نظر آتا ہے
اگر نطق کو صورت دلفریب بنا کر پردہ شہود مین نہ چھپاتا تو اوسی
دیکھکر کون ہوش مین رہتا الحق یہ اوسیکی حکمت کے نمونے ہین
صانع حقیقی کے صنعت کے کرشمے ہین اور نعت ثمکا ثمرہ
اوس محبوب کبریا شہنشاہ ہردوسرا کے زیبا ہی جسکی خاطر

ظهور بیجدہ ہزار عالم فرمایا وہ مرسل برحق معظم و مکرم مفخم
و محترم سب سے برتر اور بہتر ہے اوسکی صفت مین زبانِ
خامہ دو زبان قلم ہے اور نطق فصحا بکم سکتر ہی ہمکو اس
اولو العزم رحمۃ للعالمین خاتم النبین کی امت کیا جسکی
شان لولاک لما خلقت الافلاک ہی اور منقبت آل اطہار
و محمدت اصحاب کبار رضی اللہ عنہم و رضو عنہ اس درجہ
متجاوز ہے کہ جسکا بیان حد بیان سی زیادہ بلکہ حد سی بیحد
و بی اندازہ ہے صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ اجمعین
اما بعد خاکسار ذرہ بمقدار امیدوار شفاعت حضرت
رسول الثقلین محمد حسین اخبار نگار قرطاس دبدبہ سکندری
دار الریاست مصطفے اباد عرف رامپور مشتاقان عظیم الشان
و سخنوران رفیع المکان و شاعران شیرین بیان و ناظمان
فصیح اللسان کو مبارکباد دیتا ہی اور مژدہ طرب ریز اور

نو بہار عجب انگیز سنا تا ہی کہ ایک معشوق دلفریب خوش انداز
محبوب دلپسند طرحدار نئی دھج بانکی ادا یادگار خانوادہ سخن کا
روشن چراغ دودمان فن کا مطبع دبدبہ سکندری سی ہزاران
ہزار ناز و انداز جلوہ فرمائی انجمن سخنوران ہوتا ہے
یعنی ایک تازہ کتاب بیمثل و لاجواب گرمی بازار خوش مقالی
رنگینی باغ نازک خیالی انیس شب تنہائی مونس روز
جدائی اعنی نظم فصاحت نظام کلام بلاغت انضمام
خزینہ سلاست گنجینہ متانت نتیجہ طبع تنومند
شوخی طبع ارجمند جناب مستطاب آفتاب جود قبلہ سخا
ماہتاب بخشش دُر عطا جلوہ طراز فتح و ظفر
قباب منظر مرجع فیض و نکوئی منبع مہر و وفا و نیکخوئی
ہلال رکاب نور احتشام مہر سپہر آستان قبلہ کرام
انجم شکوہ ذوی الاقتدار شریف پرور نکوکار گل زیبائے

قوت وقدرت آفتاب انوار دولت وحشمت قطب عالم

مرجع انام مطلع ابہت واجلال جلوہ گاہ نور آئینہ مقصود

بوستان اقبال سرمایہ نوال کمالات نشان

عالم آرای فضل وکمال منبع الطاف معین جہان

عالی مناقب صاحب خلق عمیم نوبادہ بوستان دانش

عقیل وفہیم جمشید شوکت سہراب منزلت

سلیمان جاہ قبلہ جلال حاتم ہمت نامہ دلنواز

حضور کرم گنجور جلوہ بہار معدن عطا جناب

نواب یار محمد خانصاحب بہادر امیر کبیر

رئیس نوجوان دار الاقبال بھوپال نیک جاہ تخلص شوکت

ادام اللہ حشمتہم واقبالہم الی لمعات انوارہ نے

انطباع کی عنایت فرمای مطبع حسنی دار الریاست

مصطفے آباد عرف رامپور مین زیور طبع سی آراستہ اور جلہ

انطباع سے پیراستہ ہو کر جلوہ افروز عالم ہوئی کتاب ممتنع الجواب
کی صفت کیا بیان ہو اول تو عاصی ہیچمدان ثانیاً کج مج بیان
نہ ہاتہہ مین طاقت تحریر کی نہ زبان مین قدرت تقریر کی استعداد سے
کوہ آشنائی نہین سخن گوئی سے مہارت و شناسائی نہین
دل کہتاہی نظم معلی کی عظمت غور کرا اور اپنی لیاقت دیکھہ چپ رہ
شوق کہتاہی کچھہ لکھہ اور سعادت دارین چار ناچار زبان کہولتا
ہون چند فقری بے معنی زبان قلم وقلم زبان پر لاتاہون
نہ انشا چسپت ہے نہ املا درست ہی مگر سخن دانون نکتہ فہمون کی
حلم والطاف سے امید ہی کہ مورد طعن وعیب گوی نکتہ چینی سے
باز رکہینگے کہ عیب پوشی شیوۂ ستار العیوب افضل ترین
افعال سے ہے مصنف کتاب حضرت شوکت کے کمالات صوری ومعنوی خدا
داد کا کیا کہنا ہی خاصکر اس کتاب کی توصیف اور مصنف بلند احتشام

ناظم عالیمناقب   ناظم جلوہ موج طرب   ناظم معدن علم
۹۵ ھ ۱۲   ۹۵ ھ ۱۲   ۹۵ ھ ۱۲

ناظم مراد جہان ۱۲۹۵ کی مدح سرای چہوٹا موںہہ بڑی بات ہے
مگر چند فقری ارباب سخن و صاحبان مذاق کے نذر کرتا ہون
کہ حضرت شوکت سخنور عالیمقام ہین سخندان شیرین
کلام ہین پیشوای اصحاب تصنیف مقتدائی ارباب تالیف
بلبل بوستان خوش بیانی شمع افروز انجمن زباندانی گوہر
درج بلاغت مہر برج فصاحت نازک خیال شیرین مقال ہین
زایداازین مبالغہ ہی مختصر یہہ کہ جسم تحریر ہین جان تقریر ہین
طبقہ فصحائے عرب و فارس مین برگزیدہ و سرگروہ اور گروہ
بلغای اردو مین اعظم و اکرم صاحب شکوہ ہین روزمرہ مین
بے بدل محاورہ دانی مین بیمثل اصناف سخن پر قادر
رموز نکات سی ماہر یون تو عموماً گیارہ جلد کتاب تصنیف شوکت
گلدستہ نرگس تذکرہ فرح بخش انشای نور چشم ہفت خوان شوکت
قرابادین شوکتی بازنامہ فیل نامہ فرس نامہ مراسلات شوکت

چار باغ شوکت دیوان شوکت کی نظم و نثر لاثانی ہے
اور ہر صفحہ ایک ایک کتاب کا مرقع بہزاد و مانی ہی مگر بارہوین
کتاب شہنشاہ نامہ کی نظم کا کیا ذکر ہے یہ تو درۃ التاج فکر
مضامین دلکش شباب نظم ہی جسکا ہر مصرعہ رشک
ریختہ زلف محبوبان ہی اور ہر بیت غیرت ابروی خوبان ہی
ہر مضمون شگفتہ بہار ہر ترکیب قیامت زار روانی طبع
مثل دریای گوہر خیز شوخی فکر فتنہ بپای قیامت انگیز
اگر کنایی شیرین ہین تو استعاری نمکین ہین بینا دیکھتی ہین
دانا جانتی ہین اہل انصاف مانتی ہین سخندان پہچانتی ہین
دیکھینگی تو سخن فہم داد دینگے نافہم خاموش رہینگے
تشبیہین لطف آمیز بندشین دل آویز زبان کی نرمی
طبیعت کی گرمی مضامین کی چستی خیالات کی درستی
نشست الفاظ واہ واہ سبحان اللہ معانی الفاظ پیش پا

افتادہ ماشاءاللہ زبان اردو دلی لکھنو کا روزمرہ صاف صاف مزیکی بول چال ہے جسکے وصف اور اسلوب نظم مین زبان ناطقہ لال ہے عروس فکر ہر محل پر نیا جوبن دکھا رہی ہی ہر بات ہر فقری مین نیا انداز ہر انداز مین دل لبہاتے ہی معنی کی صورت مین طبع روانی دریا بہادی ہین حق تو یہہ ہے کہ شعر شاعر یکے جلوی دکہادی ہین مستغنی عن التوصیف تمامی گفتار ہی ظہور قدرت کردگار ہی نام نامی کتاب مستطاب سے نے شہنشاہ نامہ پایا ہی جسکے باعث ظہور نظم نظر آیا ہی ٥ زمین سے عرش تک یہ غلغلہ ہے کہ اسمین نصرت خیر الوری ہے کلام پاک ہی کام وہان پاک زبان پاک اور بیان پاک اور سخن پاک اہل اسلام پڑہکر خوشی منائینگے بیدین رعب اسلام سے کانپینگے ٥ نہ کیونکر دہوم ہو ایسی سخن کی یہ ہی روح روان ہر انجمن کی

وہ ہر ہر لفظ مین رنگین ادا ہی * ارم بہی عندلیب مدعا ہی
الحق کلام شوکت رشک افزای کلیم ہے نعیم کوثر ہی صبائی نعیم ہی
نہ یہان الشعراء یتبعہم الغاؤن کا مذکور ہے نہ فی کل واد یہیمون
کا مضمون نہ انہم یقولون مالا یفعلون کا افسون ہے یہان تو اور ہی
ذکر پاک ہے شاعری نہین وصف محمدت شاہ لولاک ہی
نہ لاف وگزاف کا رونما آئینہ ہے نہ تعلی آمیز مبالغہ شاعری کا
مرتبہ ہی خاصی اگرچہ فن شاعری سے بیگانہ ہی مگر شاہد سخن پر
جان دیتا ہے بلا تصنع یہ بات کہتا ہے کہ خدایا سروری تو یہی
سود اد کہ محبت رسول اکرم محبوب شہنشاہ دو عالم مین محو رہے موفق
حقیقی ایسی نصیب وی کہ عشق حبیب مین سرشار رہی۔ کتاب
مستطاب مین تشریحاً احوال محاربات کارزار و غزوات غازیان
دیندار و بربادی کفاران ناہنجار و نصرت و فیروزی اسلام
و اشتہار اعلام دین سرور خیر الانام و معرکہ آرائی جنگہا سے

بدر- و احد- و مصطلق- و احزاب- و خیبر- و وادی القرا- و
موتہ- و فتح مکہ- و حنین کو غایت اختصار و نہایت اسلوب سے حضرت
شوکت نے نظم کیا ہی گویا بحر ذخار کو کوزہ مین بند فرمایا ہے
کہ زبان ناظرین و سامعین پر بیساختہ مرحبا صل علی اتا ہی اگر شان
نظم پر غور کرکے منظوم مطہرہ کہو تو زیبا ہی اگر شوکت کلام پر
نظر کرکے سرمہ نظم لکہا جاوے تو شایان ہی شستہ نظم کہنا
بجا ہی نظم واجب الاکرام پڑہنا روا ہی نظم گوہر بحر ولایت
نظم اولین بہار ادنی خطاب ہی اور گلزار خوش لقا
و نظم بہار شرف و فروغ داد کمتر القاب ہی اسمین جو
مضامین ہین وہ اثبات کا ل وہ روایات صحیحہ سے مستند ہین
الحق یہ کتاب لاجواب نظم نازک خاطر ہے اور فتوح
گلشن عرفان ہی مختصر اس جریدہ خوش مقالی و
گلدستہ نازک خیالی نے مطبع دبدبہ سکندری مین حسب الحکم

مصنف والاحشم جلوه انطباع پایا کسوت انطباع سے مشرف ہوکر خلعت اختتام پایا اب خداوند عالم سے دعا ہی کہ کلام مقبول سید انام ہو طالبان سخن شاد و مسرت بخش طبایع خاص و عام ہو آمین بحرمت النبی واله الامجاد

قطعه تاریخ

چون شهنشاه نامه سرکار ذیجاه و حشم — کرد تصنیف لطیف از خوبی با احترام
مرحمت فرمود بهر طبع آن در رامپور — یعنی آن نواب عالی منزلت والامقام
کرد دو تاریخ عاصی فصلی و هجری رقم — چشمه فیض الهی ۱۲۸۵ ف — مرجع فیض انام ۱۲۹۵ ھ

تاریخهای انطباع کتاب شهنشاه نامه از نتایج افکار جناب سید آقا حسن صاحب صبا تخلص نامی باشنده لکهنو

نظم و نثر ذیل مین بہتر طرح سی سنین مختلف یعنی ہجری و فصلی سمت و عیسوی برآمد ہوتی ہین نثر کا ہر فقرہ تاریخ ہی جملہ تاریخین ہین اور مطلع پیشانی کا ہر مصرع تاریخ ہی مصرع اول مین ۱۸۷۹ء اور مصرع ثانی مین ۱۲۹۶ھ ہی اور نظم

زیرین ہین چہہ تاریخین ہین اگر اعداد حروف اول و آخر مصاریع
اول ایک جا کئے جاوین تو ۹۶ ۱۲ ظاہر ہوتا ہے اور اعداد
حروف اول مصرعہای اول و آخر مصرعہای ثانی سے بہی یہی سن نکلتا ہے
اور اگر اعداد حروف اول و آخر مصاریع ثانی جمع کئے جائین
سمت ۱۹۳۶ پیدا ہوتا ہی اور اعداد حروف اول مصرعہای آخر اور
اور آخر مصرعہای اول سے بہی یہی سمبت اور اخیر کی بیت کے مصرعہ اولے سے
۱۲۹۶ فصلے اور مصرعہ آخر سے ۱۲۹۶ ہجری حاصل ہوتاہے

تاریخ عجیب و ابداع غریب

تاریخ طبع کتاب سودمند دفتر نافع نادر و دل پسند
تصنیف شریف اہل دول صاحب حکم و ناظم طباع بے بدل
بلبل گلزار مینو جمیل سخندانی طوطی چمن بوستان شیرین زبانی
جوہر نفیس صمصام تہور جناب نواب صادق و نامدار یار محمد خانصاحب بہادر
صنفہ صدر نشین زاویہ گنبد گمنامی نامی پیرو ارباب علم و فن آقا حسن رضوی

ہی باور کہین روکش نظم جامی

١٨٦٩ ع

کتاب شہنشاہ نامہ ہے نامی

١٢٩٦ ھ

١٠	یکارنامۂ منظوم قابل توصیف	٨٠	٢٠	کلام عمدہ و دلچسپ لائق توظیف	٨٠
٣٠٠	شمیم عطر گل دعا بلیغ و فصیح	٨	٦٠	سرور بخش دل خاص و عام صاف صحیح	٨
٥٠	نیام تیغ مضامین طرفہ سحر حلال	٣٠	٢٠٠	ریاض غیرت فردوس فکر نیک مآل	٣٠
٢	بیان واقعی تصنیف حب صاحب دانش	٣٠٠	٢٠٠	رئیس اعظم اولو العزم اہل داد و دہش	٣٠٠
٤٠	مہ سپہر سخنگوئی شاعر ممتاز	٧	٢٠	گل حدیقہ فضل و کمال بندہ نواز	٧
٧٠٠	ذکی و فیض مجسم امیر دین پرور	٢٠٠	٧٠	عزیز ہر دل و نواقب دان ہنر	٢٠٠
٣	جوان معرکہ آرای عرصۂ تحقیق	١٠٠	٨	حسام برق دم و شمشیر بیشۂ تدقیق	١٠٠
٣	چہپا جو باعث تفریح مردم حق جو	٦	٦٠٠	خبر سنکی ہوی فکر سال نامی کو	٦
٦٠	کہا یہ مادۂ مقبول طبع ذی ادراک	٢٠	٧	زہی صحیفۂ مطبوع انیس خاطر پاک	٢٠

سنہ ١٨٦٩ ع / سنہ ١٢٩٦ ھ

نتیجۂ فکر شیفتۂ نبی اکرم برادر محمد قاسم علیخان قاسم

در صنعت تقلیب و تکرار که در هر بحر دو رکنی و چهار رکنی متفاعلن دوازده
دوازده اشعار و در بحر طویل یک یک مصرعه و از اجتماع نصفی ارکان
تا و وال یک یک بیت می بر آید برای استحصال حظ ناظرین نگاشته شد

یار محمد خان شوکت خان شوکت یار محمد	عاشق احمد صاحب حشمت صاحب حشمت عاشق احمد
وه چه کتابش فخر فضیلت فخر فضیلت وه چه کتابش	گفته مسند آن زر زیبا آن زر زیبا گفته مسند
خان سخندان صاحب عزت صاحب عزت خان سخندان	اعظم و امجد با همه حرمت با همه حرمت اعظم و امجد
مطلع او شد با همه زینت با همه زینت مطلع او شد	خوب چه بیجد در همه صنعت در همه صنعت خوب چه بیجد
مهتمم ابنش صاحب همت صاحب همت مهتمم ابنش	طالع اسعد مهر سعادت مهر سعادت طالع اسعد

گفت چه قاسم دو سن تمت دو سن تمت گفت چه قاسم
دین محمد گلشن نصرت ۹۶ ۱۲ گلشن نصرت دین محمد ۹۶ ۱۲

ایضاً

زهی کتاب شهنشاه نامه مسند	وحید و غیر نظیرے برنگ و بو سخنی
بقید معجمه تاریخ گفته قاسم	عجیب سبز بهاریه سر خسرو سخنی ۹۶ ۱۲

ایضاً

از رنگ خیال خان ذیشان	شد نامہ حسن خیز خامہ
قاسم سن آن بمعجمہ گفت	زیبا ہے ثنا زہی شہنشہ نامہ ۹۶ ۱۲

بلبل گلزار نکتہ دانی طوطی شکرستان خوش بیانی جناب منشی امیر احمد صاحب امیر مصاحب سرکار

جس حسن کی مثنوی تہی ویسی چہپی ہے	لوٹی گی مزی اہل بصیرت کی نگاہ
بیساختہ تاریخ کہی مینی امیر	کیا نظم یہ محبوب ہی سبحان اللہ ۹۶ ۱۲

ایضاً

رخسارہ معشوق ہی جو صفحہ ہے	سب مطلع آبرو کیطرح خوب ہی نظم
اس خوبی طبع کی ہی تاریخ امیر	سبحان اللہ کیا ہی محبوب ہے نظم ۹۶ ۱۲

شیرین مقال نازک خیال جناب سید اسمٰعیل حسین صاحب

تخلص منیر مصاحب سرکار فلک اقتدار رامپور

خوشا این نظم مقبول و مبارک — که سرتا پا بود زیبا و ممتاز

منیر این سال تالیفش نوشتم — شهنشه نامهٔ پرنور اعجاز

۱۲ ۹۶ ھ

ایضاً

ہر چند کہ نظم و نثر سی دل ہے ملول — فرصت پر بھی نہین ہی دم بھر قابو

پر طبع ہوا ہی وہ شہنشہ نامہ — ارباب سخن ہین جسکی خواہان ہر سو

تاریخ منیر حسب فرمایش کہہ — چھاپی کیا نظم لاجواب اردو

۱۲ ۹۶ ھ

واقف نکات دقایق جناب حافظ حکیم علی احسن صاحب قاصر

دُرہای بی بہا کنون بسلک نظم آوردہ — امیر صاحب شوکت رئیس اعظم خوشخو

روایات عرب غزوات فخر آدم و عالم — بطرز شاہنامہ در زبان فصیح اردو

شدم در بحر فکرت غرق تا گفت ای قاصر — تفضل سنین او شہنشاہ نامۂ معروف شوکت

۱۲ ۹۶ ھ

واقف رموز عروض حافظ حسن علی شاہ صاحب عاجز

جب بفضل کردگار دو جہان ۔۔۔ یہہ کتاب انتخاب قصہ ہا
جسمین ہے اول سے تا آخر تمام ۔۔۔ مندرج احوال محبوب خدا
واہ وا کیا دلکش اسکی نظم ہے ۔۔۔ اور ہر مصرعہ ہی اسکا جانفزا
فی الحقیقت لایق شاہان ہی یہہ ۔۔۔ ہی شہنشہ نامہ نام اسکا بجا
شرح حالاتِ جہادِ شاہ دین ۔۔۔ خوب کی ہی حبذا صد حبذا
کیون نہون اسکی مصنف خلق مین ۔۔۔ مورد صد آفرین و مرحبا
مطبع حسنی مین با ترتیب خوب ۔۔۔ چہپ چکی از ابتدا تا انتہا
شہرت اسکی ساری عالم مین ہوے ۔۔۔ یہہ ہوئی مرغوب خلقت جا بجا
فکر مجہکو بہی ہوے تاریخ کی ۔۔۔ ناگہان یون غیب سی آئی ندا
مصرعہ آخر کے منقوطہ حروف ۔۔۔ جان عاجز مادہ تاریخ کا
اور رکہدی از رہ تعریف تو ۔۔۔ خوب ہی یہہ نسخہ زیبا چہپا

ایضاً

جبکہ یہہ فسانہ ہای غزوہ سلطان دین | طبع ہوکر دل گزین اہل عظمت ہوگئے

مجھہ سے عاجز نے بوقت فکر سخن بولا سروش | لکھہ قصص ہای جہاد حضرت اچھی چھپ چکے

ایضاً

جب کہ چھپکر یہہ کتاب بیمثال | دل پسند اہل عالم ہوگئی

اسکے مضمون دیکھکر عاجز مجھے | فکر کچھہ تاریخ کہنی کے ہوی

ناگہان ہاتف نے فرمایا کہ تو | لکھہ تواریخ جدیدہ چھپ چکی

ایضاً

جب بترتیب خوش اسلوبی مرتب ہو چکا | تذکرات شاہ دین کا انتخاب بی نظیر

مصرع تاریخ عاجز یون کہا دل نے میرے | چھپ چکے نادر کتاب لاجواب بی نظیر

ایضاً فارسے

چو این تذکرات جہاد نبی | شدہ طبع با طرز نیکو غریب

دلم گفت عاجز چنین سال او | شہنشاہ نامہ کتاب العجیب

ایضاً در تعمیہ یک عدد

شد طبع چو این نسخۂ دلچسپ بصد زیب — از عون الٰہی و عنایاتِ محمدؐ

گردید بہر صاحب اسلام ہویدا — از شوکت و کیفیت غزوات محمدؐ

اندیشہ تاریخ نمودم من عاجز — تا باشم ازو مورد رحمات محمدؐ

ناگاہ زمن گفت ملک از سر الطاف — بہ تذکرۂ حال جہادات محمدؐ

۱۸۷۹ مسیحی

نتیجۂ افکار برادر نامدار جناب سید احمد خانصاحب واصف

زہی یار محمد خان بشوکت — کتاب او کہ از نور است تصویر

بصنع مہملہ واصف سنش گفت — پر از جوہر عجب تقریر و تحریر

۱۲۹۶ھ

از برادر گرامی منش محمد علی حسین خانصاحب کامل

یہہ نامہ جو ہی فروغ دین مین — کیا اوسکی صفت صفا سخن ہے

منقوط مین کامل اسکی تاریخ — کیا خوب یہہ بے بہا سخن ہی

۱۲۹۶ھ

برادرم اعز جانم محمد فاروق خانصاحب صابری خادم

شہنشاہ نامہ لکھی کیا کتاب — کہ ایک باغ رنگین ہے یا نقش چین

صدا غنچۂ دل سے آتی ہی خادم	کہ ہی یہہ نیا باغ اسلام و دین ۱۲۹۹ھ

عزیز القدر رفیع مرتبت محمد رفیق خانصاحب عارف

جناب خان معلی خطاب و خوش القاب	چو ختم کرد شہنشاہنامہ خوش انجام
سننش بمعجمہ عارف اگر کسی پرسد	بگو چہ جلوہ گر این فتحنامہ شد اتمام ۱۲۹۹ھ

ایضًا

بشوکت زہی خان والا شکوہ	خہے نام نامیش در نامہ
شہنشاہ نامہ برزم رسول	ز تصنیف او پر شکر نامہ
ز شہنامہ افزون بحسن و بیان	کہ ہم چون بناشد دگر نامہ
بتاریخ آن فکر عارف کہ شد	شد الہام زیبا ظفر نامہ ۱۲۹۹ھ

عزیز از جان برادر محمد شفیق خان زیبا

شہنشاہ نامہ کہ نامہ ہی خوب	مصنف ہی اچھا اور اچھا ہی نام
کیا سال زیبانی اسکا رقم	کہ ہی سب سے اچھا یہ غالب کلام ۱۲۹۹ھ

برخوردار نور الابصار محمد ارشد حسین ارشد

نامی جو مصنف ہی تو نامہ بھی ہی نامی | تکرار تلفظ مین بھی تکرار ہی شیرین
تاریخ سن فصلی مین ہاتف یہہ ارشد سے | آواز مجھی آئی کہ گفتار ہی شیرین ۱۲۹۶ھ

از خاکسار ازلی مہتمم اخبار دبدبہ سکندری

شہنشاہ نامہ چہ در نامہ ہا | کہ دارد سراپا عجب قصہ
زعاصی بتاریخ ختمش سروش | بگفتا چہا منتخب قصہ ۱۲۹۶

خاتمۃ الطبع

ہزار ہزار شکر خلاق ارض و سما کا اور بی انتہا درود پیغمبر انس و جان ختم الانبیا پر کہ افضال ایزدیسی کتاب فیض نصاب خلاصہ اخبار و احوال غزوات حضرت رسول مقبول مسمی بہ شہنشاہ نامہ من تصنیفات افصح الفصحا محسود الشعرا عالم دقایق شعر و سخن اکمل شاعران زمن فخر المتقدمین سند المتاخرین اشرف شرفای ذیشان افضل نجبای ہندوستان امیر کبیر نواب میان یار محمد خانصاحب بہادر دام اقبالہم و شوکتہم رئیس بہوپال مطبع فیض منبع مولوی محمد حسن خانصاحب بن نور محمد خان مرحوم نور اللہ تربتہ واقع دار الریاست مصطفی آباد عرف رام پور سے باہتمام محمد حسین کے تاریخ ۳ - رجب ۱۲۹۶ھ مین زیور طبع سے آراستہ و کسوت انطباع سے پیراستہ ہو کر سرمہ چشم مشتاقین ہوا +

شادی نامه

بسم الله الرحمن الرحیم

ریختهٔ خامهٔ یوسفی هنگامهٔ گرامی منش فرخنده روش ابوالقاسم صاحب
خلف الصدق عالی طبیعت مولانا محمد عباس صاحب سلمه الله تعالی
شامگاهیکه نوشاه گیتی فروز بجلوتکده باختر خرامید و عروس شب
باتبان زرین سلب بربام فیروزه فام جلوه آرا گردید حضرت
شوکت پناه رفعت دستگاه چراغ دودهٔ **یار محمد خان** زینت
مسند کیانی نوجوانی براے آوردن عروس بجلوس کیکاوس

بخانه پدر با نوشتافتند و انچه از دیر می جستند سال غمزه ملک ۱۲۹۵ یوم عید شوال زود دریافتند زیراکه عقد شرعی در ماه گذشته بخیر و خوبی منعقد گشته بود باین رو عروس تمنا بر چار بالش آرزو خاطرخواه رو نمود دمیکه سواری جناب ممدوح بر کاشانه والد عروس رسید ازان طرف رسم استقبال بشادمانی ادا گردید امیر کبیر با رفقای صاحب توقیر و جوق احباب محترم و گروه اصحاب محتشم زینت بخش محفل سرور گشته و بر بساطهای مرزکش و بالشهای دلکش بکمال انبساط نشستند خنیاگران خوش نوا و لولیان جادو صدای برقص و سرود لطف بزم شادی را دو بالا نمودند و بزمه های مسرت خیز و آهنگهای طرب انگیز نقد دل سامعین ربودند

طوائف گرم رقص و پای کوبی	به هر گرده لباس کار چوبی
شعاع جهلمل موج کناری	بود در رقص برق نو بهاری

نگاه ابرو بازو بانداز | همه با یکدگر گردید گل باز
بگردش جنبش گردون دلاویز | چو موج می بمینا فرحت انگیز
دو ساعت در نشاط جلوه ریزی | ز جبر رقص بنکر موج خیزی
چو بکشاید بغل رقصان پر دوش | ز شوقش واکند نظاره آغوش
کمر در پیچ و تاب رقص بیتاب | چو موی کوفته در جوش گرداب
تو گوئی در چمن رنگین تذروی | بهم زد هر دو بال از شاخ سروی

المختصر عطر و پان و هار و قلیان تواضع مجلسیان نیک نهاد و بعد گذشتن پاسی از شب رخصت عروس و داماد گردید نوشاه کالبسکه و عروس در پالکی سوار گردیدند نظارگیان از دیدن ساز و سامان امارت و بشاشت طربناک گشته شاد شاد چمیدن آغازیدند روشنی مهتاب شب را روز نمود و سر گشتن آتشبازی روی هوا را زرافشان فرمود تختهای آرایش بکمال پیرایش نامه نگاه نمودار گشت و بدیدن این احتشام بر صفحات قلوب خاص و عام نقش کامیابی درست نشست

هوای سیر عزم آسمان کرد | بهر جانب جریب زر روان کرد
میان دود نمودی هوائی | چو در سطح محک خط طلائی
ز موج نور مهتاب ستاره | هوا شد چرخ دیگر در نظاره
چنان در دود نمودی ستاره | که در گیسو شعاع گوشواره
نمودی روشنی جام مهتاب | چو در بوته گدازد نقره ناب
شد از پهولچهری و هته پهول رخشان | زمین یکسر پر از زرین درختان
ز آتشبازی گلنار زیبا | بهبت گشت چشم شب سراپا
شعاع پهلجهری چو شد گل افشان | تو گوئی از طرب شب گشت خندان
ز چرخی شد عیان بر عام و بر خاص | که خورشید اندرین شب گشت رقاص
بنفشه تختهای شعله افروز | سر شب را گرفته در بغل روز
بنفشه همچو روی خصم دون شد | که نیمی زرد و نیمی نیلگون شد

نیم شب دولتخانه از قدوم کدبانو مبارک منزل و آئینه محل گردید شبستان اقبال ازین خجستگی با دین فرو ردین آغوشید خوابگاه محل قران السعدین گشت

عزیز خاطر با شاہد تمنا ہم آغوش نشست شوق و ذوق دست دراز کردند وطالب مطلوب با یکدیگر ناز و نیاز کردند نورس ثمر مراد بدست افتاد تخت ہمایون باب عشرت کشاد بصد عیش و نشاط سپیدہ صبح بردمید افتاب از افق مشرق سر کشید سماط دعوت ولیمہ از الوان نعمت آراستہ و تجمل دستر خوان محمد شاہی از خاطر مہمانان برخاستہ شد ۵ ز زرین قاب افزون از شمار

سپہر سفرہ شد خورشید زاری
نمکدان چون دہان دل پسندان
مربا چون کلام نو شخندان
چو روی سفرہ چینی کار کردند
زمین اشتہا گلزار کردند
ز شیلان آن قدر لذت عیان شد
کہ ہر انگشت ہر کس زبان شد
ز اقسام پلاؤ رنگ و رنگ شد
بساط سفرہ از گلزار تنگ شد
نگہ شد سیر از سیر مزعفر
چو آن مفلس کہ یابد یک طبق زر
چو از سنبوسہ گردد کام دم بان
ورق از دفتر لذت کند باز
کماچ گرم و تفتان و بدلماج
لب شان داد دل را لذت ملج
نشانی قلیہ ہای زعفرانی

باب زر نویس از میتواسی

چه لذت داد دل را شعله و آتش	بکاول مرحبا طباخ شاباش
ز جلوه‌های عنبر بوی و خوشرنگ	حلاوت را کشید و لعل در تنگ
ز تندی چاشنی را گرم بازار	دو چار خوش مذاقی بود چیپا
ز شربتهای شیرین طعم و خوشبو	مزه را آمد آب رفته در جو
دماغ کام از حلوا معنبر	مشام ذوق از شربت معطر
بهار اطعمه زد جوش چندان	که در باغ هوس گل کرد دندان

بعد تناول طعام شرفای کرام از آب گرم دست شستند و در محفل سرود و سمر و بهجت نشستند و از عطر و پان شاد کام شدند و مراسم تهنیت علی قدر مراتب بجا آوردند پاندان و هار رخصت تقسیم گردید طبایع را خوشی بخشید مجلسیان اذن رفتن یافتند با کن خود همعنان خرمی شتافتند ابو القاسم وقایع نگار شادی نامه نگارید و گلهای مدعا

وشنا در چمن قرطاس کارید

الا تا زنده ریزه ساز عروسی

بر این کاخ زرکار فیروزه منظر

عروس طرب تنگ بادت در آغوش

ز شام ازل تا دم صبح محشر

تاریخ شادی طوی جامع کمال دین پناه

زهی شادی که شادی بخش آمد	بحق نون و یسین و تبارک
بصد شادی همین گوید دل من	مبارک رحمت سبحان مبارک ۱۲۹۵

تاریخ شادی پسندیدهٔ ثمر و اقبال ۱۲

از نتیجه فکر سلیم شیرین بیان جناب سید احمد خان صاحب واصف

چون آن یار محمد خان بهادر	که فیاض است یکتای زمانه
بهم آراستند یک جلسه نو	پے شادی خود از خسروانه
بگو این مصرعه واصف از سر جوش	مبارک جشن شادی شهانه ۱۲۹۵

ایضاً دیگر

بنکو ساعت و فرخنده زمان | زعنایات خدائی کونین
بهم از یار محمد خان شد | چو عروسی بعجب خوبی و زین
گفتم این مصرعه سالش واصف | هست امروز قران السعدین
۱۲۹۵

ایضاً دیگر

سرورم چون از عروس خوش جمال
گشت هم آغوش با صد عز و جاه
واصف از من سال تاریخش سروش
گفت اولی تر قران مهر و ماه
۱۲۹۵

تمام شد شادی نامه شوکتی